
اُردو کا
گلدستہ
خصوصی اِشاعت

رہنمائے اساتذہ

# کلیاں

پری نرسری کے لیے



فوزیہ احسان فاروقی

OXFORD
UNIVERSITY PRESS
اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے

# تعارف

یہ رہنمائے اساتذہ اُردُو کا گلدستہ (خصوصی اشاعت) سلسلے کی کتاب ''کلیاں''(پری نرسری) کے لیے تیار کی گئی ہے۔ اس کتاب میں یکساں قومی نصاب ۲۰۲۰ء کو مدِّنظر رکھتے ہوئے ابتدائے بچپن کی تعلیم (Early Childhood Care and Education) کے تمام کلیدی پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا ہے۔اُردُو کا گلدستہ کی مددگار کتب 'تحفہ (اُردُو مطالعاتی سلسلہ)'، 'حُروف کی کہانیاں (تصویری قاعدہ)' اور 'اُردُو خُوش خطی سلسلہ(حصّہ ابتدائی)' کا مواد بھی اس منصوبہ بندی کا حصّہ بنایا گیا ہے۔ اس کے ساتھ فلیش کارڈز کے استعمال کا طریقہ بھی شامل کیا گیا ہے۔

جماعت اوّل سے قبل پری پرائمری کی تین جماعتوں میں طلبہ کی قبل از پڑھائی (pre-reading) اور قبل از لکھائی (pre-writing) مہارتوں پر کام کیا جاتا ہے۔ خواندگی (literacy) کے بنیادی اہداف کا حصول تب ہی ممکن ہے جب طلبہ کے مشاہدے (observation) کی صلاحیتوں کو بامعنی اور بامقصد بنایا جائے۔ ہاتھوں اور جسمانی حرکات پر قابو پانے کی مختلف مشقوں کے ساتھ ساتھ طلبہ علامتیں، ہندسے، اشارے اور نقاط کی پہچان کرسکیں۔ کہانیوں اور نظموں کے ذریعے فہم اور ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ بھی اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے۔

اس عمر میں طلبہ کی سیکھنے کی صلاحیتیں اپنے عروج پر ہوتی ہیں۔ وہ بیک وقت بہت سی مہارتوں کے حصول کی کوششیں کررہے ہوتے ہیں۔ یہ کوششیں اگر منظّم اور بتدریج کی جائیں تو بہت مثبت نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

یہ رہنمائے اساتذہ منصوبۂ اسباق، مشقوں اور سرگرمیوں کی وضاحت، زبان سکھانے کے عمل کی وسعت اور بہتری کے لیے تجاویز، تختۂ نرم کے نمونوں، کٹ آؤٹس کی ڈرائینگز (drawings)، جانچ کے طریقوں اور مددگار مواد کے استعمال کے طریقوں پر مشتمل ہیں۔

امید ہے کہ یہ رہنمائے اساتذہ، اساتذۂ کرام کے لیے بہت سی آسانیاں فراہم کرے گی۔ اس کا بغور مطالعہ جماعت میں طلبہ کی پڑھنے، لکھنے، سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیتوں کی نشوونما میں بہت مددگار ہوگا۔ ان شاء اللہ

فوزیہ احسان فاروقی

# فہرست


مقاصد برائے کلیاں ........ v
عمومی ہدایات برائے اساتذہ ........ vi
تختۂ نرم کی تجاویز ........ vii
خصوصی ہدایات برائے اساتذہ ........ viii
پہلا اور دوسرا ہفتہ ........ xii

## یونٹ نمبر ۱
یونٹ کے مقاصد اور مدد گار مواد ........ ۲
تیسرا ہفتہ ........ ۸
چوتھا ہفتہ ........ ۱۲
پانچواں ہفتہ ........ ۱۴
چھٹا ہفتہ ........ ۱۷
ساتواں ہفتہ ........ ۱۹

## یونٹ نمبر ۲
یونٹ کے مقاصد اور مدد گار مواد ........ ۲۱
پہلا ہفتہ ........ ۲۲
دوسرا ہفتہ ........ ۲۶
تیسرا ہفتہ ........ ۲۸
چوتھا ہفتہ ........ ۳۲
پانچواں ہفتہ ........ ۳۴

## یونٹ نمبر ۳
یونٹ کے مقاصد اور مدد گار مواد ........ ۳۷
پہلا ہفتہ ........ ۳۸
دوسرا ہفتہ ........ ۴۲
تیسرا ہفتہ ........ ۴۶
چوتھا ہفتہ ........ ۴۷
پانچواں ہفتہ ........ ۵۰
چھٹا ہفتہ ........ ۵۴
ساتواں ہفتہ ........ ۵۶

## یونٹ نمبر ۴
یونٹ کے مقاصد اور مدد گار مواد ........ ۵۹
پہلا ہفتہ ........ ۶۰
دوسرا ہفتہ ........ ۶۲
تیسرا ہفتہ ........ ۶۶
چوتھا ہفتہ ........ ۶۸
پانچواں ہفتہ ........ ۷۱
چھٹا ہفتہ ........ ۷۳

## یونٹ نمبر ۵
یونٹ کے مقاصد اور مدد گار مواد ........ ۷۵
پہلا ہفتہ ........ ۷۶
دوسرا ہفتہ ........ ۷۸
تیسرا ہفتہ ........ ۸۰
چوتھا ہفتہ ........ ۸۲
پانچواں ہفتہ ........ ۸۵
چھٹا ہفتہ ........ ۸۷

## یونٹ نمبر ۶
یونٹ کے مقاصد اور مدد گار مواد ........ ۹۱
پہلا ہفتہ ........ ۹۲
دوسرا ہفتہ ........ ۹۵
تیسرا ہفتہ ........ ۹۸
چوتھا ہفتہ ........ ۱۰۲
پانچواں ہفتہ ........ ۱۰۷
چھٹا ہفتہ ........ ۱۰۹
گتے کے تراشوں کے خاکے ........ ۱۱۰
بچّوں کے کام کے نمونے ........ ۱۱۲

# مقاصد برائے کلیاں

## سننا

- ماحول سے مانوس ہو کر گرد و پیش کی آوازیں سننے اور سمجھنے کے لیے تیار ہونا۔
- ماحول میں پائی جانے والی اشیا کے اُردو ناموں سے آگاہ ہونا۔
- شروع کی آواز پہچاننا۔
- کہانیوں ،نظموں ، واقعات ، ڈراموں اور پتلی تماشوں کو غور سے دیکھنا ، سُننا اور سمجھنے کی کوشش کرنا۔

## بولنا

- ماحول میں پائی جانے والی اشیا کے اُردو نام دُہرانا۔
- کہانیاں ،نظمیں ، واقعات ، مکالمے دُہرانا۔
- حروف اور الفاظ دُہرانا۔
- اپنا مدعا اُردو میں بتانا۔ (مثلاً میں پانی پینا چاہتی/ چاہتا ہوں۔)

## پڑھنا

- تصاویر بغور دیکھنا اور پہچاننا ، علامتیں (شروع کا لفظ ، تیر کا نشان) پہچاننا۔
- حروف پہچاننا۔
- بصری طریقۂ تدریس سے سکھائے جانے والے الفاظ پہچاننا۔

## لکھنا

- ہاتھوں کو عمودی ، ترچھی ، افقی ، دائیں سے بائیں اور بائیں سے دائیں حرکت دے سکیں۔
- ریت ، ہوا ، میز اور ریتیلے کاغذ (Sand paper) پر دو انگلیوں کو اور پھر ایک انگلی کو درست سمت میں پھیرنا سیکھ سکیں۔
- چاک ، کریون اور پنسل پر گرفت کرنا سیکھ سکیں۔ خاکوں میں درست طریقے سے رنگ بھرنے کی کوشش کر سکیں۔
- دیے گئے بڑے حروف میں درست طریقے سے درست سمت میں کریون/ پنسل پھیر سکیں۔

## تجویز کردہ معاون کتب:

- حروف کی کہانیاں (تصویری قاعدہ) برائے حروف پر مبنی کہانیاں اور ذخیرۂ الفاظ۔
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس
- ’تحفہ‘ (معاون کتاب)

# عمومی ہدایات برائے اساتذہ

- استعمال کی جانے والی کتب کا پہلے خود اچھی طرح جائزہ لیجیے۔
- کتب میں دی گئی ہدایات برائے اساتذہ بغور پڑھیے۔
- مددگار مواد مثلاً تراشے (کٹ آؤٹس) کھلونے ، حقیقی اشیا ، ورک شیٹس وغیرہ پہلے سے تیار رکھیے۔
- بچّوں کو اپنے آپ سے مانوس کرنے کے لیے مختلف حکمت عملیاں اختیار کیجیے۔ مثلاً موزے کی پُتلی ہاتھ پر چڑھا کر آواز بدل کر کہنا ، خوش آمدید کیسے ہیں آپ؟
- اپنی منصوبہ بندی میں نظمیں کہانیاں شامل رکھیے۔
- طلبہ و طالبات کی حوصلہ افزائی کرتے رہیے۔
- جماعت شروع کرتے ہوئے گزشتہ کاموں کا اعادہ ضرور کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر حروفِ تہجّی ، جلی حروف (Hollow words) میں اتنی اونچائی پر لکھیے کہ بچّوں کا ہاتھ بآسانی پھروایا جا سکے۔


نوٹ: کام کی نوعیت اور بچّوں کے سیکھنے کی صلاحیت اور رفتار کے پیش نظر منصوبہ بندی میں کمی یا زیادتی کی جا سکتی ہے۔

یاد رہے کہ اس جماعت میں بچّے پڑھنے اور لکھنے کی تیاری کی مہارتیں (Pre-reading & pre-writing skills) حاصل کر رہے ہیں۔ اس لیے اپنی توقعات یہی رکھیے کہ وہ حروف اور الفاظ کی شناخت کر سکیں اور لکھائی کے لیے تیار ہو سکیں۔

- کتاب کے صفحے کو بغور دیکھنے کا موقع دیتے ہوئے اس کے بارے میں گفتگو ضرور کیجیے۔
- ہر صفحے کے فٹ نوٹس بغور پڑھیے اور انھیں اپنی تدریس میں مدنظر رکھیے۔
- کام شروع کرنے سے قبل طلبہ و طالبات کو خود Icon دیکھ کر ہدایت پہچاننے کی کوشش کرنے کی ترغیب دیجیے اور حوصلہ افزائی کیجیے۔

## تختۂ نرم کی تجاویز:

## تختۂ نرم کا مثالی نمونہ





نوٹ: تختۂ نرم کا یہ ایک مثالی نمونہ ہے جو اساتذہ کو درسی کتاب 'کلیاں' کے تمام یونٹوں کی پڑھائی (خصوصاً حروفِ تہجّی) کے لیے تختۂ نرم کی تیاری میں رہنمائی فراہم کرے گا۔

## ’کلیاں‘ میں کام کرنے کا طریقہ

کتاب کے صفحے کو بغور دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔ صفحے پر موجود تصویر، منظر اور کرداروں کے بارے میں گفتگو اور سوالات کیجیے مثلاً ’’کیسا منظر ہے؟ کون کون نظر آ رہا ہے؟ آسمان پر کیا نظر آ رہا ہے؟‘‘ یہ سوالات مشاہدے کی صلاحیتوں کی نشوونما میں مددگار ثابت ہوں گے۔ ان ہی کرداروں اور مناظر کی مدد سے کہانیاں بھی بنائی جاسکتی ہیں۔




- ان علامات (icons) کے فلیش کارڈز بنا کر روزانہ دکھائیے اور پڑھ کر بتائیے تاکہ بچّے ہدایات پہچاننا شروع کرسکیں۔
- کام شروع کروانے سے قابل بورڈ پر صفحہ ہو بہو بنائیے۔ صفحے کی بڑی فوٹو کاپی استعمال کی جاسکتی ہے۔
- بڑے حروف میں رنگین چاک سے درست سمت میں لکھ کر دکھائیے۔ طلبہ و طالبات کو ہدایت دیجیے کہ وہ ہاتھ اٹھا کر ہوا میں آپ کی طرح لکھیں۔
- لکھائی کی تیاری کے لیے سے ریت، مٹّی، ہوا اور میز پر انگلیوں کی مدد سے لکھنے کی مشق کروائیے۔ بنائے گئے نشانات پر انگلی / دو انگلیاں پھروائیے۔






- دی گئی تصاویر کے نام فٹ نوٹس سے پڑھ کر بتائیے اور مزید ذخیرۂ الفاظ پوچھیے اور بتائیے۔
- سرگرمی: صفحے کے زیریں جانب دی گئی سرگرمیوں کا کام تختۂ لکھائی پر ایک مثال دے کر سمجھائیے۔
- زبانی ہدایت کام کے دوران ضرور دہراتے رہیے۔ سننے سے درست بناوٹ یاد رکھنے میں آسانی ہوتی ہے۔
- دیے گئے خاکوں میں عمدگی سے رنگ بھرنا سکھائیے تاکہ طلبہ و طالبات کی پنسل پر گرفت مضبوط ہو اور حرکات پر قابو پا کر درست سمت میں لکھنا سیکھ سکیں۔
- لکھائی کا کام شروع کرتے وقت بڑے حروف میں مختلف رنگوں کی پنسلوں سے پانچ بار تیر کے نشان کی سمت میں لکھوائیے۔
- شروع کے نقطے اور تیر کے نشان کی یاد دہانی اور پہچان کروائیے۔
- تیر کے نشان کی سمت میں لکھنا سکھائیے۔

# حروف کی کہانیاں








- تصویری قاعدے 'حروف کی کہانیاں' کی مدد سے طلبہ و طالبات کو حروف کی پہچان کروایئے۔ حروف کے ہر خاندان کے بعد دیا گیا تمام حروف کا اعادہ ایک مکمل کہانی کی صورت میں کروایئے۔

## تجویز کردہ معاون کتب

# اُردو خوش خطی سِلسِلہ (حصّہ ابتدائی)








- Icons کی طرف توجہ دلا کر ہدایت پڑھ کر بتایئے اور سمجھایئے۔
- دیے گئے خاکوں میں اچھی طرح اندر کی طرف رنگ بھروانے کی مشق سے بچّوں کی ہاتھوں کی حرکت پر قابو پانے کی مشق ہوتی ہے۔
- شروع کے نقطے کی طرف توجہ دلا کر اس پر پنسل یا کریون رکھوا کر کام شروع کروایئے۔
- تیر کی سمت کی بار بار وضاحت کرکے کام کروایئے۔
- دیا گیا مقصد معلّمین / والدین کے لیے ہے۔

## تجویز کردہ معاون کتب

# معاون کتاب ’تحفہ‘








- ہر کہانی کے بعد دی گئی مشقیں ان کی فہم میں اضافے اور پڑھنے کی مہارتوں کے فروغ کے لیے ہیں۔ انھیں خود سمجھ کر کروائیے۔

- بصری طریقۂ تدریس سے یہ الفاظ فلیش کارڈز پر لکھ کر بار بار دکھانے سے بچّوں کی یادداشت میں محفوظ ہو جاتے ہیں۔ بعد ازاں کتاب میں سامنے آنے پر وہ خود پڑھنے پر قادر ہوجاتے ہیں۔ (ان الفاظ کے ہجّے نہیں کروائیے۔ پورا لفظ ایک تصویر کی صورت میں بچّے کی یادداشت میں محفوظ ہوتا ہے)


## پہلا اور دوسرا ہفتہ



### ابتدائیہ:

مقصد: اسکول کے ماحول اور معلّم/معلّمہ نیز اپنے ساتھیوں سے مانوس کرنا۔

اس عمر کے بچّے اسکول آتے ہوئے بہت گھبراتے ہیں۔ پہلی بار گھر سے الگ ہونا اور امّی کا ساتھ چھوٹنا اُن کے لیے بہت ناخوشگوار ہوتا ہے۔ دراصل یہ احساسات غیر محفوظ ہونے کے ہیں جن میں بہت سے خوف شامل ہوتے ہیں۔ جتنی جلد معلّمہ/معلّم بچّے کو ماحول اور اپنے آپ سے مانوس کروالے گا اتنی ہی جلد بچّے کا سیکھنے کا عمل شروع ہو سکے گا۔ کچھ بچّوں کے لیے مانوس ہونے اور اپنے آپ کو محفوظ سمجھنے کا وقفہ لمبا ہوتا ہے اور کچھ بچّے جلد ہی اس مرحلے سے گزر جاتے ہیں۔ ضروری ہے کہ ہر بچّے پر انفرادی توجہ دی جائے اسے احساس دلایا جائے کہ وہ محبت کرنے اور خیال رکھنے والے لوگوں میں ہے۔




اسکول کا تاثر منفی سے مثبت کرنے کے لیے نہ صرف ماحول کا پُرکشش ہونا ضروری ہے بلکہ ایک قلبی تعلق قائم کیا جانا از حد ضروری ہے کیوں کہ بچّے دل کی زبان سمجھتے ہیں۔

- انگلیوں کی پُتلیاں بنا کر اُن کے ذریعے کچھ باتیں کہنا مفید ہوتا ہے۔ یہ موزوں پر آنکھوں کے لیے بٹن اور دھاگے سے منھ بنا کر بنائی جاسکتی ہیں اور گتے کے چھوٹے ٹکڑوں پر تصویر بنا کر انگلی کے سِروں پر پہن کر حرکت دے کر دلچسپ آواز میں 'السّلام علیکم' آپ کیسے ہیں، وغیرہ کے جملے کہنے سے بچّے مطمئن اور محفوظ ہوتے ہیں۔
- اسی طرح رُوئی بھرے کھلونوں کو بھی پتلیوں کی طرح استعمال کیا جا سکتا ہے۔


نوٹ: شروع کے دنوں میں بچّوں کو مانوس اور مطمئن (Comfortable) کرنا از حد ضروری ہے۔ اس مرحلے سے گزرنے کے بعد ہی بچّہ ذہنی اور جذباتی طور پر سیکھنے کے عمل کو شروع کر سکتا ہے۔ اس کے لیے وقت دینا لازمی ہے۔

- بچّوں کو اپنے آپ سے مانوس کرنے کے لیے ہرممکن کوشش کیجیے۔ گود میں لینا۔ دری/ قالین پر اُن کے ساتھ بیٹھ کر اپنی اور اُن کی پسندیدہ چیزوں ( کھانے پینے، کھیلنے ...... ) کے بارے میں غیر رسمی گفتگو کیجیے۔
- اسکول کا دورہ کروایئے۔ اہم جگہیں دکھایئے۔ اسٹاف/ عملے سے متعارف کروایئے۔
- کھلی جگہ پر کچھ کھیل کھیلیے مثلاً پکڑم پکڑائی، اُونچ نیچ۔
- بسم اللہ کا کھیل کھیلیے۔
- آپ جب بسم اللہ کہیں تو وہ کام بچّے کریں گے۔ اگر نہیں کہیں تو نہیں کریں گے۔
- مثلاً بسم اللہ دونوں ہاتھ اوپر اٹھایئے۔ (بچّے دونوں ہاتھ اٹھائیں)
- دونوں ہاتھ اٹھایئے۔ (بچّے ہاتھ نہیں اٹھائیں گے کیوں کہ بسم اللہ نہیں کہا گیا۔)
- ماحول میں پائی جانے والی اشیا کے اُردو نام بتایئے۔
- اُن کے شروع کی آوازیں بتایئے، مثلاً دیوار ۔ دَ، پنسل ۔ پِ، میز ۔ م

- ایک ٹوکری میں مختلف اشیا مثلاً گیند ، باجا ، بطخ ، گڑیا وغیرہ رکھیے۔ آنکھیں بند کرکے اٹھائیے پھر دیکھ کر اس چیز کا نام اور اس کے شروع کی آواز بتائیے۔
- اب بچّوں سے بھی یہی کروائیے۔
- کھلی جگہ پر یا برآمدے (corridor) یا جماعت میں ہی فرش پر بڑا سا تیر کا نشان بنائیے اور اُس پر بچّوں کو درست سمت میں چلنے کی ہدایت دے کر چلوائیے۔



- اسی طرح مخالف سمت سے اور عمودی اور افقی تیر کے نشانات پر چلنے کی مشق کروائیے۔



- اسی طرح شروع کے نقطے کی پہچان کروائیے کہ اس نقطے سے شروع کرنا ہے اور آگے بڑھنا ہے۔

نوٹ: گتے کے بڑے کٹ آؤٹ (تیر کے نشان) بنا لینے سے یہ سرگرمی آپ بار بار کروا سکتے ہیں ان کٹ آؤٹس کو زمین پر رکھیے۔ ان کی سمت میں چلوائیے پھر ان کا رخ بدل کر یہی سرگرمی بار بار کروائیے۔

- طلبہ و طالبات کی کتابوں سے دوستی کروائیے اور پڑھنے اور لکھنے کا شوق پیدا کیجیے۔
- کتاب 'کلیاں' کا تعارف کروائیے۔ سرورق دکھائیے اور اس کے بارے میں بات کیجیے۔
- کیا نظر آ رہا ہے؟
- کیا کیا چیزیں ہیں؟
- کون سی چیزیں کن رنگوں کی ہیں؟ (آپ خود بھی بتاتے رہیے)
- لکھی ہوئی عبارات (نام...... پری نرسری کے لیے ، اُردو کا گلدستہ) پڑھ کر بتائیے تاکہ بچّے تصویر اور عبارت کا فرق جان سکیں۔
- سرورق پر موجود تصویر کے بارے میں بات چیت کیجیے۔
- کون نظر آ رہے ہیں؟ کیا پہنا ہے؟ کن رنگوں کا ہے؟
- بال کیسے ہیں؟
- بچّے خوش ہیں یا اُداس؟
- کلیاں کا صفحہ نمبر ا کھلوائیے۔
- تجویز: اُردو کا گلدستہ 'کلیاں' کے ساتھ معاون کتاب 'تحفہ' اور اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) دکھائیے اور بتائیے کہ یہ سب کتابیں ہم مزے سے پڑھیں گے ان میں کام کریں گے۔

# یونٹ ۱

## یونٹ کے مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں کہ

اس یونٹ میں دیے گئے کام اور سرگرمیوں کے ذریعے زبان کی چاروں مہارتوں (سُننا ، بولنا ، پڑھنا ، لکھنا) کی ترویج ونشوونما کرسکیں۔

- نظم پیار بھرا ایک اشارہ ، سُن کر اللہ سے محبّت اور اس کی دی ہوئی نعمتوں کا ادراک کرسکیں۔
- اس کتابی سلسلے کے دو کرداروں 'علی' اور 'زارا' سے متعارف ہوسکیں۔
- کہانی 'علی' سے متنوع رنگ ونسل سے گھلنا ملنا اور مختلف جذبات و احساسات کا خیال رکھ سکیں۔
- 'ب سے ث' تک کی ترتیب سمجھ سکیں۔
- تیر کے نشان کا بغور مشاہدہ کر کے دائیں سے بائیں پڑھنے کے طریقے سے متعارف ہوسکیں۔
- حروف 'ب ، پ ، ت ، ٹ ، اور ث' کی آوازیں اور ان سے شروع ہونے والے الفاظ کی پہچان کرسکیں۔
- دیے گئے خاکوں میں رنگ بھرسکیں اور نقطے لگا سکیں۔
- درست سمت میں پنسل پھیر سکیں۔
- نمونہ لکھائیوں اور حروف 'ب ، پ ، ت ، ٹ ، اور ث' پر پنسل پھیر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز ، ب سے ث تک حروف اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر ، بصری ذخیرۂ الفاظ علی اور زارا
- تختۂ نرم ، تختۂ تحریر ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین کریون/ پنسلیں ، پتلیاں/ کٹ آؤٹس
- اُردو کا گلدستہ 'کلیاں' صفحہ ۱ تا ۱۷

## تجویز کردہ معاون کتب


- حروف کی کہانیاں صفحہ ۱ تا ۷
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۱ تا ۱۱
- معاون کتاب 'تحفہ' کہانی ' چڑیا کا بچّہ' صفحہ ۱ تا ۵

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۱ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو پڑھائے جانے والے حروف کے مطابق تبدیل کر کے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔

- صفحے میں نیچے کی جانب دیے گئے icon ملائیے ، کی وضاحت کیجیے۔ ہدایات پڑھ کر سنائیے۔
- بتائیے کہ ہمیں اس چڑیا کو اُس کے گھونسلے تک پہنچانا ہے۔
- مناسب ہو گا کہ صفحے کا آدھا حصّہ ہو بہو بورڈ پر بنا کرتمام چیزوں کی وضاحت کردی جائے۔
- شروع کے نقطے کی وضاحت کرکے درست سمت میں انگلیاں پھروائیے۔
- پھر پنسل یا کریون سے درست سمت میں نامکمل لکیریں مکمل کروائیے۔
- ہاتھوں کی حرکت پر قابو کرکے تصاویر کے اندر درست رنگ بھرنا طلبہ و طالبات کو درست لکھنے کی لیے تیار کرتا ہے۔
- شروع کے نقاط اور تیر کے نشان کا مقصد سمجھاتے رہیے۔
- نظم 'پیار بھرا ہر ایک اشارہ' 'کلیاں' صفحہ ۲ اور ۳ دکھاتے ہوئے پڑھوائیے۔نظم کے لیے دیکھیے 'کلیاں' کا ہدایات برائے اساتذہ کا صفحہ ۱۰۶۔
- صفحے پر موجود چیزوں کو بغور دیکھنے کی ہدایت کیجیے۔ اُن سے پوچھیے کہ کیا کیا نظر آرہا ہے؟ اس طرح وہ اِن تمام چیزوں کے اُردو نام بھی جان جائیں گے۔ فٹ نوٹس کی ہدایت کے مطابق نظم سنتے ہوئے ان چیزوں پر انگلی رکھیے جن کا ذکر ہو رہا ہو۔
- اسی کے ساتھ شروع کی آوازیں پوچھیے اور بتائیے ، مثلاً پہاڑ ۔ پَ ...... وغیرہ
- نظم بار بار ترنّم سے دُہرانے سے بچّے ذخیرۂ الفاظ کو درست طریقے سے ادا کرنا سیکھ جاتے ہیں۔

نوٹ: اللہ کے مہربان اور پیارا ہونے کی وضاحت بہت اچھی طرح کرتے رہیے۔

- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) کے صفحہ ۱ تا ۵ تک کا کام مناسب وقفوں سے کروائیے۔ اس بات پر انفرادی توجہ دیجیے کہ بچّے درست سمت میں نمونے بنا رہے ہوں۔
- (ان صفحات کو طلبہ وطالبات کے معیار اور اپنے وقت کے لحاظ سے دو یا تین دن میں کروایا جا سکتا ہے۔)



کلیاں صفحہ ۴


- طلبہ و طالبات کو غور سے دیکھنے کا موقع دیکھنے کے بعد پہلے انگلیاں درست سمت میں پھیرنے کی مشق کتاب کے صفحے پر ہی کروائیے۔

نوٹ: اس سے قبل ریت کی ٹرے اور چاک سے سلیٹ یا بورڈ پر کرنا مفید ہوگا اور طلبہ و طالبات کی ہاتھوں کی حرکات پر قابو کرنے کی صلاحیت کی نشوونما کرے گا۔

- نقطوں کی لکیروں پر پنسل سے درست سمت میں درست طریقے سے لکھائی کروائیے۔
- مرغی اور دڑبے کے خاکوں میں رنگ بھروائیے۔ طلبہ و طالبات اس عمر میں بہت نفیس کام نہیں کر پاتے۔ ان کی کوششوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروائیے۔

کلیاں صفحہ ۵

- اس کام سے قبل ریت کی ٹرے میں انگلی سے نقطے اور سلیٹ یا بورڈ پر چاک سے نقطے بنانا سکھائیے۔
- کتاب کے صفحے پر سورج مکھی کے پھول کے بیج نقطوں کی شکل میں بنوائیے۔
- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروائیے۔







کلیاں صفحہ ٦

## نمونہ لکھائی برائے 'ب'

- طلبہ و طالبات کو 'ب' لکھنے کے لیے تیار کیجیے۔ ہوا ، ریت ، سلیٹ اور بورڈ پر انگلیوں اور چاک کی مدد سے دائیں سے بائیں لکھنے کی مشق کروائیے۔
- بچّوں کو باہر لے جا کر یا کمرۂ جماعت کے اندر Sand Tray پر 'ب' بنائیے اور بچّوں کا ہاتھ پھروائیے۔
- صفحہ ٦ پر بھی نقطے سے شروع کر کے لائنوں پر انگلیاں پھروائیے۔
- پنسلیں دیجیے اور درست سمت میں لکھنے میں مدد کیجیے۔




## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- منتخب ذخیرۂ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کرسکیں۔
- شروع کی آواز کی پہچان کرسکیں۔
- 'ب' کی پہچان کرسکیں۔
- 'ب' درست طریقے سے لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز ('ب' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر اور ذخیرۂ الفاظ: بکری ، بطخ ، بلّی ، بادل)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک ، پنسلیں ، کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ۷




## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۲
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۲
- معاون کتاب: تحفہ ، کہانی 'چڑیا کا بچّہ' صفحہ ۲


## طریقۂ کار

- 'ب' کی آواز کا تعارف کروایئے۔

کہانی: بکری ، بلّی اور بطخ ایک باغ میں کھیل رہے تھے کہ اچانک بادل آئے اور بوندیں گرنا شروع ہوگئیں ، بکری نے بلّی اور بطخ سے کہا کہ بھاگو بارش ہو رہی ہے۔ پھر وہ بارش سے بچنے کے لیے چُھپ گئے۔ (تجویز: حروف کی کہانیاں صفحہ ۲ سے تصویریں دکھاتے ہوئے کہانی سنایئے)

- کہانی سنانے کے بعد ذخیرۂ الفاظ کے ذریعے آواز کی مشق کروایئے ، مثلاً
- بَ ۔ بکری ، بَ ۔ بطخ ، بَ ۔ بلّی ، بَ ۔ بادل ، بَ ۔ بارش ، بَ ۔ بوندیں ، بَ ۔ بچنے
- آواز کی مشق کے بعد بورڈ پر بڑا سا 'ب' بنایئے اور بتایئے کہ آج ہم نے یہ آواز سیکھی ہے۔
- بچّوں کا سیدھا بازو ہوا میں اٹھا کر دائیں سے بائیں حرکت کروایئے تاکہ بڑے عضلات کی مدد سے صحیح اشکال بنانے پر قادر ہوسکیں۔
- اسی طرح ہوا میں جلد پر ، انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے 'ب' بنوایئے تاکہ بچّوں کا دائیں سے بائیں ہاتھ رواں ہو جائے۔ بچّوں کو باہر لے جا کر یا کمرۂ جماعت کے اندر Sand Tray پر 'ب' بنایئے اور بچّوں کا ہاتھ پھروایئے۔

☆ بلّی کا کٹ آؤٹ بنا کر رنگ بھروا کے بچّوں کو گھر لے جانے کے لیے دیجیے۔



- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- کلیاں کا صفحہ ۷ کھولیے اور نیچے لکھی گئی عملی سرگرمیاں کروائیے۔
- کلیاں کا صفحہ ۷ کھول کر رکھیے اور بچّوں کو صفحے کا بغور جائزہ لینا سکھائیے۔ صفحہ پر موجود اشیا کے بارے میں گفتگو اور سوالات کیجیے کہ:
- آپ کو کیا کیا نظر آ رہا ہے؟
- آپ کے خیال میں یہ سب یہاں کیوں جمع ہیں؟
- صفحے پر موجود 'ب' میں پانچ بار رنگین پنسلوں سے 'ب' بنوائیے اور انفرادی توجہ دیجیے۔
- 'ب' سے شروع ہونے والی چیزوں کے خاکوں میں رنگ بھروائیے اور دھیان رکھیے کہ بچّے خاکوں کے اندر درست طریقے سے رنگ کر سکیں۔ اس مشق کا کرانا اس لیے ضروری ہے کہ بچّوں کی پنسل پر گرفت مضبوط ہو سکے اور وہ درست لکھائی کے لیے تیار ہو سکیں کام کے دوران آواز کا اعادہ کروائیے۔
- کہانی کا اعادہ کروائیے 'ب' کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی (حصّہ ابتدائی) کا صفحہ ۶ کروائیے۔ (دھیان رہے کہ بچّے شروع کے نقطے اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھائی کریں) اور تصویروں میں رنگ بھروائیے۔
- تجویز: معاون کتاب 'تحفہ' صفحہ ۲ کی کہانی، 'چڑیا کا بچّہ' کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ دیکھیے ہدایات برائے اساتذہ صفحہ نمبر ا کتاب 'تحفہ'
- وقت ہونے کی صورت میں کاپی/ ورک شیٹ میں 'ب' کی لکھائی کروائیے۔

# تیسرا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'پ' کی پہچان کرسکیں۔ حرف 'پ' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'پ' کے بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'پ' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- 'ب' کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔
- کاغذ پر اصلی پتّے چپکا سکیں/ پرنٹ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ ،
بصری الفاظ: علی اور زارا ، پ سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر اور ذخیرۂ الفاظ: پاؤں ، پاجامہ ، پتّا ، پانی ، پتنگ ، پائپ)
- کلیاں صفحہ ۸
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین کریون/ پنسلیں ، اصلی پتّے (پرنٹنگ/ چپکانے کے لیے)


## تجویز کردہ معاون کتب


- حروف کی کہانیاں صفحہ ۳
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۷

## طریقۂ کار

- 'پ' کی آواز کا تعارف کے لیے صفحے کے فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کروایئے۔
- 'پ' حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنایئے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۳)
- 'پ' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- بورڈ پر بڑا حرف 'پ' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتایئے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز ان الفاظ کے شروع میں آرہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دہرایئے۔ حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوایئے۔
- کلیاں کا صفحہ ۸ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ کیا کیا نظر آرہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام ، مثلاً قمیص ......) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ رنگوں کے نام بتایئے۔

- کلیاں کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے مختلف رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوایئے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروایئے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۷ کروایئے۔
- اصلی پتّے کاغذ پر چپکوایئے/ رنگ میں ڈبو کر پرنٹ کروایئے۔
- پتّے/ پتنگ کے کٹ آؤٹ میں رنگ بھروایئے اور گھر بھجوایئے۔








OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# کہانی : علی

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- کہانی بغور سن سکیں۔
- تصاویر کا بغور مشاہدہ کر کے کرداروں کی پہچان کرسکیں۔
- اس سلسلے کی کہانیوں کے مرکزی کرداروں میں سے ایک علی سے متعارف ہوسکیں۔
- امّی، ابّو اور زارا سے بھی زبانی متعارف ہوسکیں۔
- کہانی سے اپنا تعلق پیدا کرسکیں۔ ہر طرح کے بچّوں سے مل جُل کر اپنی صلاحیت کی نشوونما کرسکیں۔
- کہانی کے آخر میں دی گئی تصویر پر سے اس کی متعلقہ اشیا ملاسکیں۔




## مددگار مواد


- فلیش کارڈز علی 
- کلیاں صفحہ ۹ تا ۱۱
- کہانی ’علی‘ کلیاں ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۰۶

## طریقۂ کار

- لفظ علی کا فلیش کارڈ دکھایئے۔ بتایئے کہ اس کہانی کا نام ’علی‘ ہے۔
- کلیاں ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۰۶ پر دی گئی کہانی ’علی‘ پڑھ کر سنانے سے قبل بچّوں کو صفحہ ۹ ، ۱۰ ، ۱۱ پر دی گئی تصاویر خود دیکھنے کا موقع دیجیے۔
- کہانی سنایئے۔ کہانی سناتے ہوئے خیال رکھیے کہ بغور تصاویر دیکھ رہے ہوں اور بغور سن رہے ہوں۔ کہانی سنانے اور تصاویر دکھانے کے بعد سوالات بھی کیجیے۔ خیال رہے کہانی کا تسلسل خراب نہ ہو۔ کہانی کے بنیادی کرداروں کی پہچان کروایئے۔ (امّی ، ابّو ، زارا اور علی)
- سوالات: تصویر میں کون کون نظر آ رہا ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ سب کہاں ہیں؟ ہر تصویر کے بارے میں باری باری سوال کیجیے۔
- علی کس کے ساتھ اسکول جا رہا تھا؟ وہ کیوں رو رہا تھا؟ کیا آپ بھی اسکول آتے ہوئے روتے ہیں؟ وہ بار بار کیا کہہ رہا تھا؟
- وہ ایسا کیوں کہہ رہا ہوگا؟ (اس سوال کے جواب سے طلبہ و طالبات کو اپنے خوف دور کرنے میں مدد ملے گی۔)
- دادا اور دادی کیا سمجھا رہے تھے؟ کچھ دن پہلے علی کیا کیا خرید کر لایا تھا؟ وہ اسکول جا کر کیوں اُداس بیٹھا رہا؟ اس کے ساتھ کے کچھ اور بچّے بھی کیوں اُداس تھے؟ سب کی دوستی کیسے ہوئی؟
- نوٹ: ان تصاویر کے پوشیدہ پیغام کو گفتگو کے ذریعے واضح کیجیے کہ جماعت میں ہر طرح کے بچّے ہوتے ہیں۔ مثلاً مختلف رنگ ، مختلف قد ،

مختلف خصوصیات مگر سب مل جُل کر سیکھتے ، کھیلتے ہیں اور اسی میں مزا آتا ہے۔

- صفحہ ۱۱ پر دی گئی تصویر سے علی کی متعلقہ چیزوں کو ملوائیے۔



## چوتھا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ت' کی پہچان کرسکیں۔ حرف 'ت' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'ت' کے بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'ت' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- 'ب اور پ' کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔
- تربوز کے کٹ آؤٹ میں رنگ بھر سکیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ کا لفظ 'علی' پہچان سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ، بصری لفظ علی اور علی کی تصویر، 'ت' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر اور ذخیرۂ الفاظ: تربوز، تولیا، تکیہ، تتلی، ترازو)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، رنگین کریون/ پنسلیں، چاک، کٹ آؤٹس اور 'ت' سے شروع ہونے والی حقیقی اشیا، تصاویر اور کھلونے۔
- کلیاں صفحہ ۱۲

## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۴
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۸

## طریقۂ کار


کل سنی گئی کہانی یاد کراتے ہوئے لفظ علی اور علی کی تصویر کے فلیش کارڈز دکھائیے۔

- 'ت' کی آواز کا تعارف کے لیے صفحے کے فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کروائیے۔
- 'ت' حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۴)
- 'ت' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔

- نظم 'تتلی'، ترنّم اور حرکات و سکنات سے پڑھیے اور طلبہ و طالبات سے دہراوئیے۔

او تتلی ، او تتلی
لے کر ذرا ہمیں اُڑ جا تُو
یا پھر ہمیں بھی اُڑنا سکھا تُو
او تتلی ، او تتلی
ہم بھی دیکھیں دنیا اُوپر سے
پھولوں کو چُومیں اپنی نظر سے
او تتلی ، او تتلی

- بورڈ پر بڑا حرف 'ت' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز ان الفاظ کے شروع میں آرہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دہرائیے۔ حرف کو ہوا، ریت، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔
- کلیاں کا صفحہ ۱۲ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ کیا کیا نظر آرہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام، مثلاً قمیص ......) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتائیے۔
- کلیاں کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے مختلف رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوائیے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروائیے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۸ کروائیے۔
- تربوز کی قاش میں رنگ بھروا کر گھر بھجوائیے۔



# پانچواں ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- ’ٹ‘ کی پہچان کرسکیں۔ حرف ’ٹ‘ سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- ’ٹ‘ کے بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- ’ٹ‘ سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- ب ، پ اور ت کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔



## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ ، بصری لفظ علی 
’ٹ‘ سے شروع ہونے والی تصاویر اور ذخیرۂ الفاظ: ٹرک ، ٹوٹنا ، ٹکّر ، ٹماٹر ، ٹیلی فون۔
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، رنگین کریون / پنسلیں ، چاک ، کٹ آؤٹس ، ’ٹ‘ سے شروع ہونے والی حقیقی اشیا ، کھلونے ، تصاویر
- کلیاں صفحہ ۱۳

## تجویز کردہ معاون کتب


- حروف کی کہانیاں صفحہ ۵
اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۹ ، ۱۰

## طریقۂ کار

- سنائی گئی کہانی ’علی‘ یاد دلاتے ہوئے لفظ علی اور علی کی تصویر کے کارڈز دکھایئے۔
- ’ٹ‘ کی آواز کا تعارف کے لیے صفحے کے فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کروایئے۔
- ’ٹ‘ حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنایئے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۵)
- ’ٹ‘ کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- نظم ’ٹوٹ بٹوٹ کے دو مرغے‘ سنایئے۔

ٹوٹ بٹوٹ کے دو مُرغے    دونوں تھے ہشیار
اک مُرغے کا نام تھا گیٹو    اِک کا نام گیٹار
اِک مُرغے کی دُم تھی کالی    اِک مُرغے کی لال
اِک مُرغے کی چونچ نرالی    اِک مُرغے کی چال
ٹوٹ بٹوٹ کے دو مُرغے    دونوں تھے ہشیار

- بورڈ پر بڑا حرف ' ط ' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتایئے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز ان الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دہرایئے۔ حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوایئے۔
- کلیاں کا صفحہ ۱۳ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ ( کپڑوں کے نام ، مثلاً قمیص ...... ) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ رنگوں کے نام بتایئے۔
- کلیاں کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے مختلف رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوایئے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروایئے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۹ اور ۱۰ کا کام کروایئے۔
- کاغذ کی ٹوپیاں بنوایئے اور گھر بھجوایئے۔



## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- اس سلسلے کی کہانیوں کے مرکزی کرداروں میں سے ایک 'زارا' سے متعارف ہوسکیں۔
- بصری پڑھائی سے سکھائے جانے والے لفظ 'زارا' کی پہچان کرسکیں۔
- تصاویر بغور دیکھ کر ان کے بارے میں گفتگو کرسکیں (چند الفاظ/ جملے بول سکیں)

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ: علی  زارا )
- کلیاں صفحہ ۱۴

## تجویز کردہ معاون کتاب

- معاون کتاب 'تحفہ' کی کہانی 'چڑیا کا بچّہ'

## طریقۂ کار

- لفظ زارا کا فلیش کارڈ دِکھایئے اور کلیاں کی کہانی 'علی' صفحہ ۹ کھلوا کر دکھایئے۔ کرداروں کی یاد دہانی دوبارہ کروایئے کہ کون کون نظر آرہا ہے۔ اُوپر کے حصّے میں امّی ابّو اُن کی گود میں اور بس کی طرف جاتی بچّی کا نام زارا ہے۔ یہ بچّی علی کی بڑی بہن ہے۔
- اب صفحہ ۱۴ کھلوا کر دیکھنے کا موقع دیجیے بتایئے کہ یہ بہت اچھی بچّی ہے۔ اپنی بلّی 'مانو' کے ساتھ کھیلتی اور اس کا خیال رکھتی ہے۔ اپنی دادی جان سے بہت پیار کرتی اور اُن کے ساتھ بیٹھ کر پڑھتی ہے۔ اُن کا بھی خیال رکھتی ہے۔
  - تجویز: بچّوں سے اُن کے بہن یا بھائی کے بارے میں گفتگو کیجیے اور اُن کے نام پوچھیے۔
  - تجویز: معاون کتاب 'تحفہ' کی کہانی 'چڑیا کا بچّہ' کی تصاویر دکھاتے ہوئے کہانی سنایئے۔
- اس کہانی کے ذریعے بچّے اس سلسلے کے تمام کرداروں علی، زارا، امّی، ابّو، دادا جان، دادی جان اور گھر کے پالتو جانوروں طوطے اور بلّی (مانو) سے متعارف ہوں گے۔
- کہانی کا مرکزی خیال ''جانوروں پر رحم کھانا'' ہے۔ کہانی دِکھانے اور سنانے کے بعد تصویروں سے تصویر میں ملانے کی سرگرمی بھی کروائی جاسکتی ہے۔

نوٹ: وقت ہونے کی صورت میں کتاب 'تحفہ' کے صفحہ ۵ پر دی گئی سرگرمیاں بھی کروایئے۔ (تجویز)

## چھٹا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ث' کی پہچان کرسکیں حرف 'ث' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'ث' بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'ث' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خانوں میں رنگ بھر سکیں۔
- 'ب ، پ ، ت ، اور ٹ' کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ (علی اور زارا ) کی پہچان کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ ، بصری الفاظ: علی  اور زارا  ث سے شروع ہونے والی تصاویر اور ذخیرۂ الفاظ: ثمن ، ثاقب ، ثمر)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، رنگین کریون/ پنسلیں ، چاک ، کٹ آؤٹس ، 'ث' سے شروع ہونے والی حقیقی اشیا ، کھلونے ، تصاویر۔
- کلیاں صفحہ ۱۵


## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۶
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۱۱


## طریقۂ کار

- 'ث' کی آواز کا تعارف صفحے کے فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیوں کے ذریعے کروائیے۔
- 'ث' حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں ، صفحہ ۶)
- 'ث' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- تجویز: نظم 'ثریّا کی گڑیا' سنائیے۔
- بورڈ پر بڑا حرف 'ث' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز ان الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دہرائیے۔
- حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔

- کلیاں کا صفحہ ۱۵ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام، مثلاً قمیص ......) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتائیے۔)
- کلیاں کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے مختلف رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوائیے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروائیے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۱۱ کا کام کروائیے۔
- مختلف پھلوں کے کٹ آؤٹس میں رنگ بھروائیے اور بتائیے کہ انھیں 'ثمر' بھی کہتے ہیں۔



# ساتواں ہفتہ




## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ب سے ث' تک سکھائے گئے حروف کی پہچان کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ب سے ث' تک حروف میں لکھائی کرسکیں۔
- 'ب سے ث' تک حروف کے ساتھ تصاویر کو ملاسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز، (پ سے ث تک حروف اور تصاویر)
تختۂ تحریر، تختۂ نرم، رنگین کریون/ پنسلیں، چاک اور مارکر
- کلیاں صفحہ ۱۶
- حروف اور تصاویر کے فلیش کارڈز

## تجویز کردہ معاون کتاب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۷


## طریقۂ کار

- 'ب سے ث' تک حروف کے فلیش کارڈز اور تصویریں دکھا کر دہرائی کروایئے۔
- تجویز: حروف کی کہانیاں کا صفحہ ۷ دکھا کر تمام حروف کی کہانیاں دہرایئے۔
- کلیاں کے ب سے ث تک صفحات دکھا کر دہرائی کروایئے۔
- تختۂ تحریر پر کلیاں کا صفحہ ۱۶ بنا کر بڑی فوٹو کاپی کر کے لگایئے اور رنگین چاک/ مارکرز سے لکھنے اور رنگ بھرنے کا طریقہ سمجھا کر کام کروایئے۔
- یاد رہے کہ اس عمر کے بچّے اپنی توجہ تختۂ تحریر پر زیادہ دیر تک مرکوز نہیں رکھ پاتے اس لیے انفرادی توجہ دے کر ہر بچّے کی مدد کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ب' سے 'ث' کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ب' سے 'ث' کی ترتیب جان سکیں۔
- تیر کے نشان کی سمت میں لکھ کر حروف سیدھی لکیریں لگا سکیں۔
- 'ب' سے 'ث' کا ذخیرۂ الفاظ دہراتے ہوئے تصاویر سے تعلق کا اعادہ کرسکیں۔




## مددگار مواد


- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف ب سے ث اور تصاویر)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، رنگین چاک، رنگین کریون/ پنسلیں
- کلیاں صفحہ ۱۷

## تجویز کردہ معاون کتاب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۷

## طریقۂ کار

- کلیاں کا صفحہ ۷، ۸، ۱۲، ۱۳ اور ۱۵ دیکھنے کی ہدایت دیجیے اور مدد کیجیے۔ فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروایئے۔
- ب، پ، ت، ٹ، ث، کے فلیش کارڈز دے کر پانچ بچّوں کو ترتیب سے کھڑا کیجیے۔ جماعت کے باقی بچّے دیکھ رہے ہوں۔ بچّے باری باری اپنے کارڈز اُٹھائیں اور باقی بچّے پڑھیں۔




- تختۂ تحریر پر صفحہ ۱۷ بنایئے یا بڑی فوٹو کاپی کر کے لگانے کے بعد اس پر رنگین چاک کی مدد سے حروف لکھ کر اور آپس میں ملایئے۔
- بچّوں کے کام میں ان کی مدد کیجیے۔

# یونٹ ۲

## یونٹ کے مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں کہ
اس یونٹ میں دیے گئے کام اور سرگرمیوں کے ذریعے زبان کی چاروں مہارتوں ( سُننا ، بولنا ، پڑھنا ،لکھنا) کی ترویج ونشوونما کرسکیں۔

فہم :
- حرف کو پہچان کر اس سے متعلق تصویر کے گرد دائرہ بنا سکیں۔
- کہانی 'امّی' میں واقعات کی ترتیب ، کرداروں اور مرکزی خیال کو پہچان سکیں۔
- ( کہانی کا مرکزی خیال: فرمانبرداری اور اجنبیوں کی باتوں میں نہ آنا)

پڑھنا:
- مشاہدہ کرنے کی صلاحیت کو استعمال کرکے تصویر کو تصویر ، حرف کو حرف اور حرف کو تصویر سے ملا سکیں۔
- حرف 'ج ، چ ، ح اور خ ' کی آوازیں اور ان سے شروع ہونے والے الفاظ کی پہچان کرسکیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ 'مانو' ، 'نہیں' ، 'یہ' اور 'امّی' سے مانوس ہوسکیں۔

لکھنا:
- دیے گئے خاکوں میں رنگ بھرسکیں اور دائرہ بنا سکیں۔
- نمونہ لکھائیوں اور حرف 'ج ، چ ، ح اور خ ' پر پنسل پھیر سکیں۔

نوٹ: بچّوں کو ماحول سے مانوس ہونے میں دیر ہوسکتی ہے اور اس کے سبب پہلے یونٹ کا کچھ کام (مثلاً وہ حروف جو باقی رہ گئے ہوں) اس یونٹ کے شروع میں کروایا جا سکتا ہے۔ دی گئی منصوبہ بندی میں یہ تبدیلی کرنے کے لیے اس یونٹ میں وقت میسّر ہوگا۔ کیوں کہ یہاں صرف چار حروف سکھانے ہیں اور بچّے ماحول سے مانوس ہونے کی وجہ سے جلد سیکھنا شروع کردیتے ہیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز ('ب' سے 'خ' تک حروفِ تہجّی اور ان سے متعلق تصاویر ، بصری الفاظ علی ، زارا ، مانو ، نہیں ، یہ ، امّی )
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، رنگین کریون/ پنسلیں، چاک ، کٹ آؤٹس ، حقیقی اشیا ، کھلونے اور تصاویر۔
- کلیاں صفحہ ۱۸ تا ۳۲

## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۸ تا ۱۲
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۱۲ تا ۱۶
- معاون کتاب 'تحفہ' کی کہانی 'مانو' صفحہ ۶ تا ۱۰
- کاپی/ ورک شیٹ

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۲ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو پڑھائے جانے والے حروف کے مطابق تبدیل کرکے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔

## پہلا ہفتہ

## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- ’ج‘ کی نمونہ لکھائی کرنا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد


- فلیش کارڈز (ج کی نمونہ لکھائی)
- تختۂ تحریر ، رنگین چاک ، رنگین کریون/ پنسلیں۔
- کلیاں صفحہ ۱۸

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۱۲

## طریقۂ کار

- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمیاں کروایئے۔
- صفحے پر پہلے انگلیاں درست سمت میں پھیرنے کی مشق کروایئے۔
- پنسل سے درست سمت میں لکھائی کروایئے۔
- مختلف رنگین پنسلوں سے پانچ بار لکھوایئے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۱۲ کا کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔




## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- اس سلسلے کی کہانیوں اور نظموں کے کرداروں میں سے ایک حیوانی کردار 'مانو' سے متعارف ہوسکیں۔
- بصری پڑھائی سے سکھائے جانے والے لفظ 'مانو' کی پہچان کرسکیں۔
- تصاویر بغور دیکھ کر ان کے بارے میں گفتگو کرسکیں۔ (چند الفاظ یا جملے)
- تصاویر بغور دیکھ کر ایک جیسی تصاویر ملا سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (  ،  ،  )
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم ، رنگین چاک ، رنگین کریون/ پنسلیں، کارڈ شیٹ۔
- کلیاں صفحہ ۱۹ ، ۲۰

## تجویز کردہ معاون کتاب

- معاون کتاب 'تحفہ' صفحہ ۶ تا ۱۰

## طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات کو کتاب کلیاں کا صفحہ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ زبانی آسان گفتگو کیجیے کہ کون سی تصویروں میں کیا ہو رہا ہے۔ کیا آپ نے کبھی بلّی دیکھی ہے؟ وہ کیا کیا کرتی ہے؟ مانو کیا کیا کر رہی ہے۔ کیا آپ کو لگتا ہے کہ اسے بھی کھیلنے کا شوق ہے؟ کس تصویر سے اندازہ لگایا؟ (طلبہ و طالبات سے اس تصویر پر انگلی رکھوایئے جس میں مانو زارا کے ساتھ گیند سے کھیل رہی ہے۔) مانو اپنے آپ کو صاف رکھتی ہے کس تصویر میں وہ ایسا کر رہی ہے۔ (طلبہ و طالبات سے اس تصویر پر انگلی رکھوایئے۔)
- گفتگو کے بعد صفحہ ۲۰ پر ایک جیسی تصاویر کے (•) نقاط (Bullets) ملوایئے۔ بورڈ پر ایک مثال سمجھانے سے آسانی ہوگی۔
- صفحہ ۲۰ پر موجود خاکوں کو رنگین مناظر سے ملوایئے اور ان میں رنگ بھروایئے۔
- اس سرگرمی کو بڑے کارڈ کی صورت میں بنا کر شیلف پر رکھا جاسکتا ہے تا کہ طلبہ و طالبات یہ کام بار بار کرسکیں۔ (منظر بڑے کارڈ پر بنایئے۔ خاکے چھوٹے کارڈز پر بنا کر رکھیے)
- تجویز: معاون کتاب 'تحفہ' صفحہ ۶ کی کہانی 'مانو' کی تصاویر دکھاتے ہوئے کہانی سنایئے۔
- اس کتاب کے صفحہ ۱۰ پر موجود تصویر مکمل کروایئے۔

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ج' کی پہچان کرسکیں۔ حرف ج سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'ج' کے بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'ج' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- 'ب'، 'پ'، 'ت'، 'ٹ'، 'ث' کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ کے نئے لفظ 'مانو' سے متعارف ہوسکیں۔ سکھائے گئے بصری الفاظ ('علی' اور 'زارا') کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف کا اعادہ، بصری الفاظ: علی، زارا، نیا لفظ مانو اور تصاویر، ذخیرۂ الفاظ: جوتے، جگ، جالی، جیب، جہاز)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین کریون / پنسلیں، چاک۔
- کلیاں صفحہ ۲۱





## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۸
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ ۱۳

## طریقۂ کار

- بصری ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔ فلیش کارڈز دکھا کر پڑھائیے۔
- 'ج' کی آواز کا تعارف صفحے کے فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیوں کے ذریعے کروائیے۔
- 'ج' حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۸)
- 'ج' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- جوتے کے تسمے (فیتے) باندھنا سکھائیے۔ جگ (کھلونے) سے کھلونے کے گلاس میں پانی انڈیلنا سکھائیے۔
- بورڈ پر بڑا حرف 'ج' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز ان الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دہرائیے۔

- حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔
- کلیاں کا صفحہ ۲۱ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ کیا کیا نظر آرہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام ، مثلاً قمیص......) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتائیے)
- کلیاں کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے مختلف رنگین پنسلوں سے حرف بنوائیے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروائیے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۱۳ کا کام کروائیے۔
- جگ کے کٹ آؤٹ میں رنگ بھروائیے اور گھر لے جانے کے لیے دیجیے۔



## دوسرا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'چ' کی پہچان کرسکیں۔
- حرف 'چ' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'چ' بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'چ' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- 'ب ، پ ، ت ، ٹ ، ث اور ج' کا اعادہ کرسکیں۔
- چیونٹی کے کٹ آؤٹس میں رنگ بھرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔
- سیکھے گئے بصری الفاظ (زارا ، علی ، مانو) کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ، بصری الفاظ: زارا علی مانو اور 'چ' سے شروع ہونے والی تصاویر، ذخیرۂ الفاظ : چاول ، چینی، چنے ، چیونٹی ، چوہا ، چڑیا ، چشمہ ، چونچ )
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک ، رنگین کریون/ پنسلیں، کٹ آؤٹس ، کارڈ شیٹ۔
- کلیاں صفحہ ۲۲


## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۹
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی صفحہ) ۱۴

## طریقۂ کار

- 'چ' کی آواز کا تعارف صفحے کے فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیوں کے ذریعے کروائیے۔
- 'چ' حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۹)
- 'ج' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- 'ج' اور 'چ' کا فرق بتائیے۔ چمچے سے چینی چٹائیے۔ کپڑے کی چار چیزیں دکھائیے اور گن کر بتائیے۔

- بورڈ پر بڑا حرف 'چ' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز ان الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دہرائیے۔
- حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔
- کلیاں کا صفحہ ۲۲ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ کیا کیا نظر آرہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام ، مثلاً قمیص......) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتائیے)
- کلیاں کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے مختلف رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوائیے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروائیے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۱۴ کا کام کروائیے۔
- چیونٹی کے کٹ آؤٹ میں رنگ بھروائیے اور گھر لے جانے کے لیے دیجیے۔



## تیسرا ہفتہ

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ح' کی پہچان کرسکیں۔
- حرف 'ح' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'ح' کے بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'ح' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- 'ج' اور 'چ' کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ج ، چ اور ح' کا فرق پہچاننا شروع کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ (زارا ، علی ، مانو) کا اعادہ کرسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ ، بصری الفاظ: زارا ، علی ، مانو ، 'ح' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر اور ذخیرۂ الفاظ: حلوا ، حامد ، حیدر)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک ، رنگین کریون/ پنسلیں ، کٹ آؤٹس ، کارڈ شیٹ۔
- کلیاں صفحہ ۲۳

### تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۱۰
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۱۵

### طریقۂ کار

- بصری ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز دکھا کر اعادہ کروائیے۔
- 'ح' کی آواز کا تعارف صفحے کے فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیوں کے ذریعے کروائیے۔
- 'ح' حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۱۰)
- 'ح' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- ممکن ہو تو حجام کو جماعت میں بلوائیے۔ ج ، چ اور ح کا فرق بتائیے ۔

- طلبہ و طالبات سے ایک دوسرے کا حال پوچھنے کی سرگرمی کروائیے۔
- بورڈ پر بڑا حرف 'ح' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز ان الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دہرائیے۔
- حرف کو ہوا، ریت، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔
- کلیاں کا صفحہ ۲۳ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ کیا کیا نظر آرہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام، مثلاً قمیص......) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتائیے)
- کلیاں کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے مختلف رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوائیے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروائیے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۱۵ کا کام کروائیے۔
- حلوے کے ڈبے کے کٹ آؤٹ میں رنگ بھروا کر گھر بھیجیے۔



# کہانی: امّی

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- بغور کہانی سن سکیں۔
- تصاویر کا بغور مشاہدہ کر کے کرداروں کی پہچان کر سکیں۔
- کہانی کا مرکزی خیال (امّی بڑوں کی بات ماننی چاہیے) سمجھ سکیں۔
- کہانی کی تصاویر دیکھنے اور کہانی سننے کا لطف اٹھا سکیں۔
- نئے ذخیرۂ الفاظ 'امّی ،نہیں ، یہ' سے متعارف ہو سکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمی کر سکیں۔
- ایک جیسی تصاویر اور ایک لفظ 'امّی' کے کردار سے ملا سکیں۔





## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (نئے بصری الفاظ: امّی ،نہیں ، یہ)
- کلیاں صفحہ ۲۴ تا ۲۷
- کہانی 'امّی' ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۰۷

## طریقۂ کار

- کہانی کا صفحہ ۲۴ دکھائیے۔ کہانی کا نام (عنوان) بتائیے۔ اپنا شوق ظاہر کیجیے کہ دیکھتے ہیں اس کہانی میں کیا کیا ہوگا۔
- کلیاں کی ہدایات برائے اساتذہ کے صفحہ ۱۰۷ سے کہانی 'امّی' پڑھ کر سنائیے۔ خیال رکھیے کہ ہر منظر کے لحاظ سے آپ جملے بول رہی/ رہے ہوں۔ اس دوران کبھی کبھی رک کر بچّوں سے بھی پوچھیے کہ کون کیا کر رہا ہے؟ آپ کے خیال میں اب کیا ہوگا؟
- کہانی تصویریں دکھاتے ہوئے سنانے کے بعد طلبہ و طالبات سے زبانی سوالات کیجیے۔
- امّی خرگوشنی اپنے بچّوں کے ساتھ کہاں رہتی تھی؟ وہ اپنے بچّوں کو کیا سمجھاتی تھی؟
- خونخوار کتّا ، بچّوں کو کیوں کھانا چاہ رہا تھا؟ اس نے بچّوں کو ان کے بھٹ سے نکالنے کے لیے پہلے کیا کیا؟ کیا کوئی اس کی چالاکی میں آ گیا؟ سب نے اسے کیا سمجھایا؟ آخر میں کتّے نے کیا سوچا اور کیا کیا؟
- سب بچّے کیوں بھاگے اور سمجھے کہ امّی آ گئیں۔ ان میں سے ایک بچّے نے سب کو کیوں روکا اور کیا کہا؟ امّی نے سب کو شاباشی کیوں دی؟ کیا آپ امّی کی بات مانتے ہیں؟
- کیا کسی اجنبی سے کوئی چیز لینی چاہیے؟ چاہے وہ ٹافی ، مٹھائی یا کوئی اچھا کھلونا ہی کیوں نہ ہو؟

- نوٹ: ان سوالات کے ذریعے طلبہ و طالبات کو یہ بات ذہن نشین کروائیے کہ کبھی کسی کی باتوں میں نہیں آنا چاہیے۔ اپنی حفاظت کرنی چاہیے۔ کوئی اجنبی بلائے تو نہیں جانا چاہیے۔ آپ کو محسوس ہو کہ کچھ غلط ہو رہا ہے تو چیخ چیخ کر کسی بڑے کو اپنی مدد کے لیے بلانا چاہیے۔
- صفحہ ۲۷ پر ایک جیسی تصویروں کو ملانے کا کام بورڈ پر اور جن بچّوں کو ضرورت ہو انھیں کتابوں میں انفرادی طور پر سمجھا کر کروائیے۔



ملائیے

امّی

مقصد : لفظ 'امّی' اور تصاویر کی پہچان۔

عملی سرگرمی : تصاویر کے کارڈز کے جوڑے بنائیے۔ جماعت کی ایک جیسی چیزوں کے نام بتائیے۔

۲۷ OXFORD UNIVERSITY PRESS

## چوتھا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ
- 'خ' کی پہچان کرسکیں۔
- حرف 'خ' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'خ' کے بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'خ' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- 'ج ، چ اور ح' کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ علی ، زارا ، مانو ، امّی ، نہیں ، یہ کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ ، بصری الفاظ: 'علی ، زارا ، مانو ، امّی ، نہیں ، یہ' ج سے خ تک حروف اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر اور ذخیرۂ الفاظ: خالی، خیمہ ، خرگوش ، خربوزہ)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک ، رنگین کریون/ پنسلیں، کٹ آؤٹس ، کارڈ شیٹ۔
- کلیاں صفحہ ۲۸





## تجویز کردہ معاون کتب

- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۱۶
- حروف کی کہانیاں صفحہ ۱۱

## طریقۂ کار

- بصری ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ فلیش کارڈز کے ذریعے کروائیے۔
- 'خ' کی آواز کا تعارف صفحے کے فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیوں کے ذریعے کروائیے۔ خطرناک کی وضاحت اچھی طرح کروائیے تاکہ بچّے اپنی حفاظت کے طریقے جان سکیں۔ بجلی کے سوئچ میں ہاتھ ڈالنا ، گرم چیزوں ، مثلاً چولھا ، نوکیلی چیزیں ، مثلاً سُوئی۔

- 'خ' حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں صفحہ ۱۱)
- 'خ' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- بورڈ پر بڑا حرف 'خ' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز ان الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دہرائیے۔
- حرف کو ہوا، ریت، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔
- کلیاں کا صفحہ ۲۸ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ کیا کیا نظر آرہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام، مثلاً قمیص......) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتائیے)
- کلیاں کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے مختلف رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوائیے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروائیے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۱۶ کا کام کروائیے۔
- 'خ' سے خرگوش کے کٹ آؤٹ میں رنگ بھروا کر گھر بھیجیے۔




# پانچواں ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ج سے خ' کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ج ، چ ، ح ، خ' کی ترتیب جان سکیں۔
- تیر کے نشان کی سمت میں لکھ کر حروف اور سیدھی لکیریں بنا سکیں۔
- 'ج سے خ' کا ذخیرۂ الفاظ دہراتے ہوئے تصاویر سے تعلق کا اعادہ کرسکیں۔




## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف کا اعادہ ، ج سے خ تک حروف اور ان سے شروع ہونے والی تصاویر برائے اعادہ)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک ، رنگین کریون/ پنسلیں، کٹ آوٹس ، کارڈ شیٹ۔
- کلیاں صفحہ ۲۹
- سکھائے گئے حروف کے فلیش کارڈز اور تصاویر

## تجویز کردہ معاون کتاب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۱۲

## طریقۂ کار:

- کلیاں کا صفحہ ۲۱ ، ۲۲ ، ۲۳ اور ۲۸ کو دیکھنے کی ہدایت دیجیے اور مدد کیجیے۔ فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمی کروائیے۔
- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروائیے۔
- حروف کی کہانیاں دہراتے ہوئے ج چ ح خ کی کہانی دہرائیے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۱۲)
- 'ج چ ح خ' کے فلیش کارڈز دے کر چار طلبہ و طالبات کو ترتیب سے جماعت کے باقی بچّوں کے سامنے کھڑا کیجیے۔ طلبہ بار باری اپنے کارڈز اٹھائیں اور باقی بچّے پڑھیں۔
- کتاب کے صفحے پر پہلے نقاط سے حروف مکمل کروائیے پھر بننے والی تصاویر (جگ ، چڑیا ، حلوا اور خرگوش میں رنگ بھروائیے۔)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ


- ’ب سے خ‘ تک حروف کا اعادہ کرسکیں۔
- حروف کی پہچان کرتے ہوئے حروف کے جوڑے بنا سکیں۔


## مددگار مواد

- کلیاں صفحہ ۳۰
- سکھائے گئے حروف کے فلیش کارڈز کے جوڑے

## طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر کلیاں کا صفحہ ۳۰ بنائیے یا بڑی فوٹو کاپی کروا کر لگانے کے بعد رنگین چاک/ مارکر سے حروف کو حروف سے ملا کر دکھائیے۔ حروف کے نام اور آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمیاں طلبہ و طالبات سے باری باری کروائیے۔ یہ سرگرمی طلبہ وطالبات کو دری/ قالین پر بٹھا کر بھی کروائی جاسکتی ہے اور تختۂ تحریر پر کارڈز ٹیپ سے چپکا کر بھی کروائی جاسکتی ہے۔
- حروف میں پنسل پھروائیے۔
- ایک جیسے حروف کی پہچان کروا کر ملوائیے۔



## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- دائرے کی پہچان اور مشق کرسکیں۔

## مددگار مواد

- کلیاں صفحہ ۳۱


## طریقۂ کار:

- طلبہ و طالبات کو icon اور تصاویر بغور دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔ سوالات پر توجہ مرکوز کیجیے۔ کون کیا کر رہا ہے؟ فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمی کروائیے۔ تصویر میں موجود گیندوں اور الگ بنائے گئے دائروں پر پنسل پھیرنے میں مدد کیجیے۔ تیر کے نشان کی سمت میں دائیں طرف سے گولائی میں پنسل پھروائیے۔

## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- حروف کی آوازوں سے شروع ہونے والی چیزوں کی پہچان کرسکیں۔




## مددگار مواد

- کلیاں صفحہ ۳۲

## طریقۂ کار

- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروائیے۔
- حروف پڑھوائیے۔ ان سے شروع ہونے والی تصویروں کی پہچان کرواتے ہوئے دائرے بنوائیے۔
- بڑے حروف میں درست طریقے سے دو دو بار لکھوائیے۔

# یونٹ ۳

## یونٹ کے مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں کہ

اس یونٹ میں دیے گئے کام اور سرگرمیوں کے ذریعے زبان کی چاروں مہارتوں (سُننا ، بولنا ، پڑھنا ، لکھنا) کی ترویج ونشوونما کرسکیں۔

فہم:
- حرف کو پہچان کر اس سے متعلق تصویر کے گرد دائرہ بنا سکیں۔
- کہانی 'تحفہ' میں واقعات کی ترتیب ، کرداروں اور مرکزی خیال کو پہچان سکیں۔
- (کہانی کا مرکزی خیال: دوستوں سے مل جُل کر رہنا چاہیے اور کتاب پڑھنا سب سے دلچسپ کام ہے۔)

پڑھنا:
- مشاہدہ کرنے کی صلاحیت کو استعمال کر کے تصویر کو تصویر اور حرف کو حرف سے ملا سکیں۔
- حروف 'د ، ڈ ، ذ ، ر ، ڑ ، ز اور ژ' کی آوازیں اور ان سے شروع ہونے والے الفاظ کی پہچان کرسکیں۔
- 'ڑ' کی بطور آخری آواز پہچان سکیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ 'السّلام علیکم ، وعلیکم السّلام ، یہ ، لو ، شکریہ ، نہیں' سے مانوس ہوسکیں۔
- دیے گئے خاکوں میں رنگ بھرسکیں۔
- نمونہ لکھائیوں اور حروف 'د ، ڈ ، ذ ، ر ، ڑ ، ز اور ژ' پر پنسل پھیر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز ('ب سے ژ' تک حروف تہجّی اور ان سے شروع ہونے والی تصاویر ، بصری الفاظ: علی ، زارا ، مانو ، امّی ، نہیں ، یہ کا اعادہ اور نئے بصری الفاظ: السّلام علیکم ، وعلیکم السّلام ، شکریہ )
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک ، رنگین کریون/ پنسلیں ، پتلیاں ، کٹ آؤٹس ، کارڈ شیٹس۔
- کلیاں صفحہ ۳۳ تا ۵۱

## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۱۳ تا ۲۱
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۱۷ تا ۲۴
- معاون کتاب 'تحفہ' کے صفحہ ۱۱ تا ۱۶ پر دی گئی کہانی 'تحفہ'

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۳ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو پڑھائے جانے والے حروف کے مطابق تبدیل کر کے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔

## پہلا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'د' کے خاندان کی لکھائی کی تیاری کرسکیں۔
- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کرسکیں۔

## مددگار مواد


- تختۂ تحریر، ریت، سلیٹ، رنگین کریون/ پنسلیں، کارڈز پر بنائے گئے نمونے۔
- کلیاں صفحہ ۳۳

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۱۷

## طریقۂ کار

- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمیاں کروائیے۔
- صفحے پر انگلیاں درست سمت میں پھروائیے۔
- پنسل سے درست طریقے سے لکھنے میں مدد کیجیے۔ (مختلف رنگوں کی پنسلوں سے پانچ بار)
- تجویز: خوش خطی صفحہ ۱۷ پر کام کروائیے۔



## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- ’د‘ کی پہچان کرسکیں۔
- حرف ’د‘ سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- ’د‘ کے بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- ’د‘ سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- سکھائے گئے حرف کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔
- سکھائے گئے بصری ذخیرۂ الفاظ کی پہچان کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ ، بصری الفاظ: ’السّلام علیکم ، وعلیکم السّلام ، یہ لو ، شکریہ ، نہیں‘ ’د‘ سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر اور ذخیرۂ الفاظ: دروازہ ، دوپٹاّ ، دُم ، دیوار ، دودھ ، دو)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک ، رنگین کریون / پنسلیں ، تصاویر ، چھوٹا آئینہ ، دہی ، دال ، دس۔
- کلیاں صفحہ ۳۴





## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۱۳
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۱۸

## طریقۂ کار

- ’د‘ کی آواز کا تعارف صفحے کے فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیوں کے ذریعے کروائیے۔
- ’د‘ حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۱۳)
- ’د‘ کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے ، مثلاً دس دانے رسّی میں پروئیے۔
- بچّوں کو چھوٹے آئینے میں اپنے دانت دیکھنے کا موقع دیجیے اور صاف کرنے کی اہمیت کے بارے میں بات کیجیے۔ بتائیے کہ دانت صاف نہ کریں تو ہم بیمار ہوسکتے ہیں اور دانت میں کیڑا لگ سکتا ہے۔
- بورڈ پر بڑا حرف ’د‘ لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز ان الفاظ کے شروع میں آرہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دہرائیے۔

- حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوایئے۔
- کلیاں کا صفحہ ۳۴ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ کیا کیا نظر آرہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ ( کپڑوں کے نام ، مثلاً قمیص...... ) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتایئے )
- کلیاں کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے مختلف رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوایئے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروایئے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۱۸ کا کام کروایئے۔
- دُنبے کے کٹ آوٹ میں 'د' لکھوا کر اور سفید رُوئی چپکوا کر گھر بھیجیے۔




OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# نظم: 'بلّی میں نے پالی ہے'

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ




- بغور مشاہدہ کرسکیں۔
- ترتیب دینے کی صلاحیتوں کی نشوونما کرسکیں۔
- تصویری خاکوں میں درست رنگ بھرسکیں۔
- نظم سننے اور دہرانے کی مہارت پیدا کرسکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین چاک، رنگین کریون/ پنسلیں
- کلیاں صفحہ ۳۵، ۳۶
- ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۰۷ (کلیاں)
- کالی بلّی کا کٹ آؤٹ

## طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات کو صفحہ ۳۵ کو بغور دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- ہدایت برائے اساتذہ صفحہ ۱۰۷ (کلیاں) سے نظم ترنّم اور حرکات وسکنات سے پڑھ کر سنائیے۔ لفظ دھیرے، آہستہ ادا کیجیے۔
- بچّوں سے نظم دہروائیے۔
- اگلے صفحے ۳۶ پر دیے گئے تصویری خاکوں میں رنگ بھروائیے۔ رنگ بھرنے کی مشق طلبہ و طالبات کی ہاتھوں کی گرفت اور حرکات پر قابو کو بہتر بناتے ہوئے لکھنے کی مہارت حاصل کرنے میں مدد دیتی ہے۔
- رنگ بھرتے وقت بھی نظم دہراتے رہیے۔

## دوسرا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- ’ڈ‘ کی پہچان کرسکیں۔
- حرف ’ڈ‘ سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- ’ڈ‘ کے بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- ’ڈ‘ سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھرسکیں۔
- سکھائے گئے حروف کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ کی پہچان کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ ، ڈ سے شروع ہونے والی تصاویر اور ذخیرۂ الفاظ: ڈگڈگی ، ڈنڈا ، ڈول ، ڈبّا ، ڈبل روٹی)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک ، رنگین کریون/ پنسلیں ، کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ۳۷


## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۱۴
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۱۹

## طریقۂ کار

- بصری ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیے اور پڑھائیے۔
- ’ڈ‘ کی آواز کا تعارف صفحے کے فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیوں کے ذریعے کروائیے۔
- ’ڈ‘ حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۱۴)
- ’ڈ‘ کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- بورڈ پر بڑا حرف ’ڈ‘ لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز ان الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دہرائیے۔
- حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔

- کلیاں کا صفحہ ۳۷ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ کیا کیا نظر آرہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام، مثلاً قمیص......) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتائیے)
- کلیاں کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے مختلف رنگین پنسلوں سے حرف بنوائیے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروائیے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- ڈاکٹر کا رول پلے کروائیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۱۹ کا کام کروائیے۔
- بچّوں سے خالی ڈبّے منگوا کر ان پر کاغذ چپکوا کر مختلف چیزیں ڈول، ڈگڈگی بنوا کر گھر بھجوائیے۔



## مقاصد




طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ذ' کی پہچان کرسکیں۔
- حرف 'ذ' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'ذ' بڑے حرف میں نقطے سے شروع کرکے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'ذ' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھرسکیں۔
- سکھائے گئے حروف کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔
- سکھائے گئے بصری ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ ، بصری الفاظ: السّلام علیکم ، وعلیکم السّلام ، یہ ، لو ، شکریہ ، نہیں۔ 'ذ' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر اور ذخیرۂ الفاظ: ذائقہ ، ذرّے ، ذخیرہ)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، رنگین کریون / پنسلیں ، حقیقی اشیا ، کھلونے ، تصاویر ، کٹ آوٹس ، سفید اور رنگین کاغذ ، سفید چاک اور رنگین چاک ، گوند یا گلو اسٹک ذرّے چپکانے کے لیے۔
- کلیاں صفحہ ۳۸

## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۱۵
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۲۰

## طریقۂ کار

- بصری ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ فلیش کارڈز دکھا کر کیجیے۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیوں کے ذریعے آواز کا تعارف کروائیے۔
- 'ذ' حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۱۵)
- 'ذ' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- چاک توڑ کر اس کے ذرّے دکھائیے۔
- بورڈ پر بڑا حرف 'ذ' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز ان الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دہرائیے۔

- حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوایئے۔
- کلیاں کا صفحہ ۳۸ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام ، مثلاً قمیص......) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتایئے)
- کلیاں کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے مختلف رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوایئے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروایئے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۲۰ کا کام کروایئے۔
- سفید چاک کے ذرّے کسی رنگین کاغذ پر اور رنگین چاک کے ذرّے کسی سفید کاغذ پر چپکوا کر گھر بھجوایئے۔

# تیسرا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ


- 'د' سے 'ذ' کا اعادہ کرسکیں۔
- 'د ڈ ذ' کی ترتیب جان سکیں۔
- تیر کے نشان کی سمت میں لکھ کر حروف اور سیدھی لکیریں بنا سکیں۔
- 'د' سے 'ذ' کا ذخیرۂ الفاظ دہراتے ہوئے تصاویر سے تعلق کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف اور تصاویر برائے اعادہ)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین چاک/ مارکر، رنگین کریون، پنسلیں۔
- کلیاں صفحہ ۳۹

## تجویز کردہ معاون کتاب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۱۶





## طریقۂ کار

- کلیاں کے صفحات ۳۴، ۳۷، اور ۳۸ کو دیکھنے کی ہدایت دیجیے اور مدد کیجیے۔
- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروایئے۔
- حروف کی کہانیاں دہراتے ہوئے 'د ڈ ذ' کی کہانی دہرایئے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۱۶)
- تختۂ تحریر پر صفحہ بنایئے یا بڑی فوٹو کاپی کر کے لگانے کے بعد اس پر رنگین چاک/مارکر کی مدد سے حروف لکھ کر اور آپس میں ملا کر دکھایئے۔
- بچّوں کے کام میں ان کی مدد کیجیے۔
- نقاط سے بنے حروف تہجّی پڑھاتے ہوئے حروف پر پنسل پھروایئے۔
- تصاویر میں رنگ بھروایئے۔

## چوتھا ہفتہ

# کہانی: تحفہ




## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- کہانی بغور سن سکیں۔
- کہانی کی تصویروں کا بغور مشاہدہ کرسکیں۔
- تصاویر کے بارے میں کیے گئے سوالات کے جوابات دے سکیں۔
- کتابیں پڑھنے کی اہمیت سے واقف ہوسکیں۔
- کھیل میں لڑائی جھگڑا نہ کرنے کی خوبی سے واقف ہوسکیں۔
- دی گئی تصویر میں دی گئی اشیا کی تصویریں ڈھونڈ کر ملاسکیں۔
- نیا ذخیرۂ الفاظ پہچان سکیں۔ (السّلام وعلیکم ، وعلیکم السّلام)

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے بصری الفاظ: السّلام وعلیکم ، وعلیکم السّلام ،نہیں ، لو ، یہ ،شکریہ)
- کلیاں صفحہ ۴۰ تا ۴۳
- کہانی ہدایت برائے اساتذہ صفحہ ۱۰۸

## طریقۂ کار

- ہدایت برائے اساتذہ صفحہ ۱۰۸ پر دی گئی کہانی طلبہ و طالبات کوکلیاں کتاب کی صفحہ ۴۰ سے ۴۲ تک دی گئی۔تصاویر دکھاتے ہوئے کہانی سنائیے۔
- زبانی سوالات کیجیے۔
- علی کے گھر کون آیا تھا؟ اس نے آ کر سب گھر والوں کو کیا کیا؟ دادا جان نے کیا جواب دیا؟ کیا آپ کسی کے گھر جا کر سلام کرتے ہیں۔
- علی اور شان کی لڑائی کیسے شروع ہوئی؟ امّی نے دونوں کو بلا کر کیا کیا؟
- شان کو تحفے میں کیا ملا؟ شان نے تحفہ لے کر کیا کیا؟
- صفحہ ۴۳ پر موجود تصویر غور سے دیکھنے کا موقع دے کر نیچے دی گئی تصاویر سے ملوائیے۔
- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروائیے۔

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- ’ر‘ کی پہچان کرسکیں۔
- حرف ’ر‘ سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- ’ر‘ کے بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- ’ر‘ سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- سکھائے گئے حروف کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ کی پہچان کا اعادہ کرسکیں۔




## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف اور بصری الفاظ برائے اعادہ، ’ر‘ سے شروع ہونے والی چیزوں کے کٹ آؤٹس ، تصاویر اور ذخیرۂ الفاظ: ریلوے پھاٹک ، ریل گاڑی ، رکشا ، راستہ)
- کلیاں صفحہ ۴۵


## تجویز کردہ معاون کتب


- حروف کی کہانیاں صفحہ ۱۷
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۲۱

## طریقۂ کار

- بصری ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ فلیش کارڈز کے ذریعے کیجیے۔
- کلیاں کے صفحے کے فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیوں کے ذریعے آواز کا تعارف کروائیے۔
- حرف ’ر‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۱۷)
- ’ر‘ کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- بورڈ پر بڑا حرف ’ر‘ لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز ان الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دہرائیے۔
- حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔

- کلیاں کا صفحہ ۴۵ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ کیا کیا نظر آرہا ہے؟
- کلیاں کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے مختلف رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوایئے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروایئے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۲۱ کا کام کروایئے اور تصاویر میں رنگ بھروایئے۔
- ریل کے ڈبوں کے کٹ آؤٹ کی مدد سے ریل گاڑی بنایئے۔





# پانچواں ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ڑ' کی پہچان کرسکیں۔
- حرف 'ڑ' سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پہچان سکیں۔
- 'ڑ' کے بڑے حرف میں نقطے سے شروع کرکے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'ڑ' پر ختم ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- سکھائے گئے حروف کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ کی پہچان کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ، 'ڑ' پر ختم ہونے والی چیزوں کی تصاویر اور ذخیرۂ الفاظ: پہاڑ، جڑ، گاڑی، گُڑ)

- کلیاں صفحہ ۴۶
- 'ڑ' سے شروع ہونے والی حقیقی اشیا، کھلونے، تصاویر

## تجویز کردہ معاون کتب


- حروف کی کہانیاں صفحہ ۱۷
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۲۲

## طریقۂ کار

- بصری ذخیرۂ الفاظ کا فلیش کارڈز کے ذریعے کیجیے۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیوں کے ذریعے آواز کا تعارف کروایئے۔
- حرف 'ڑ' سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنایئے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۱۷)
- 'ڑ' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- بورڈ پر بڑا سا 'ڑ' بنایئے اور آواز کا حرف سے تعلق بتایئے۔

- ذخیرۂ الفاظ میں بتائیے کہ یہ آخر اور بیچ میں آتا ہے، مثلاً بورڈ پر لکھیے:
- پہاڑ، جڑ، گاڑی ، ان سب میں 'ڑ' پر دائرہ بنائیے۔
- حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔
- کلیاں کا صفحہ ۴۵ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ کیا کیا نظر آرہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟
- کلیاں کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے مختلف رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوائیے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروائیے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۲۲ کا کام کروائیے اور رنگ بھروائیے۔

## مقاصد




طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ز' کی پہچان کرسکیں۔
- حرف 'ز' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'ز' کے بڑے حرف میں نقطے سے شروع کرکے درست سمت میں پنسل پھیر کرحرف لکھ سکیں۔
- 'ز' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھرسکیں۔
- سکھائے گئے حروف کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ کی پہچان کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ ،'ز' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر اور ذخیرۂ الفاظ: زرّافہ ، زیبرا ، زینہ ، زمین)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک/ مارکر ، رنگین کریون ، پنسلیں ، کٹ آوٹس ، سفید کارڈ شیٹ
- کلیاں صفحہ ۴۷


## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۱۹
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۲۳

## طریقۂ کار

- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمیوں کے ذریعے آواز کا تعارف کروائیے۔
- حرف 'ز' سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۱۹)
- 'ز' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- بورڈ پر بڑا سا 'ز' بنائیے اور آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز ان الفاظ کے شروع میں آرہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دہرائیے۔
- حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔
- کلیاں کا صفحہ ۴۷ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ کیا کیا نظر آرہا ہے؟ کون کون ہے؟

- کلیاں کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے مختلف رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوایئے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروایئے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۲۳ کا کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔
- زیبرے کا کٹ آؤٹ یا سفید کارڈ شیٹ پر انڈے کی زردی کے لیے گول دائرہ کاٹ کر چپکایئے، زرد رنگ بھروایئے اور گھر لے جانے کے لیے دیجیے۔



## چھٹا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ژ' کی پہچان کرسکیں۔
- حرف 'ژ' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'ژ' کے بڑے حرف میں نقطے سے شروع کرکے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'ژ' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- سکھائے گئے حروف 'ر ڑ ز ژ' کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ کی پہچان کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف اور بصری الفاظ برائے اعادہ ،'ژ' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر اور ذخیرۂ الفاظ: ٹیلی ویژن ، اژدھا ، ژالہ)
- تختۂ تحریر ،تختۂ نرم ،کھلونے ،حقیقی اشیا ،تصاویر ، رنگین چاک/ مارکر ، رنگین کریون ، پنسلیں۔
- کلیاں صفحہ ۴۸

## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۲۰
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۲۴
- معاون کتاب 'تحفہ' صفحہ ۱۱ تا ۱۶


## طریقۂ کار

- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمیوں کے ذریعے آواز کا تعارف کروائیے۔
- حرف 'ژ' سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۲۰)
- 'ژ' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔

- بورڈ پر بڑا حرف 'ژ' بنائیے اور آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز ان الفاظ کے شروع میں آرہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دہرائیے۔
- حرف کو ہوا، ریت، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔
- کلیاں کا صفحہ ۴۸ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ کیا کیا نظر آرہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام، مثلاً قمیص......) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتائیے)
- کلیاں کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے مختلف رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوائیے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروائیے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۲۴ کا کام کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- تجویز: معاون کتاب 'تحفہ' سے کہانی 'تحفہ'، تصویریں دکھاتے ہوئے سنائیے۔ کہانی سے پہلے دیے گئے سوالات کیجیے اور کہانی کے آخر میں دی گئی سرگرمیاں کروائیے۔

# ساتواں ہفتہ

## مقاصد




- طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ
- 'ر' سے 'ژ' کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ر' سے 'ژ' کی ترتیب جان سکیں۔
- تیر کے نشان کی سمت میں لکھ کر حروف اور سیدھی لکیریں بنا سکیں۔
- 'ر' سے 'ژ' کا ذخیرۂ الفاظ دہراتے ہوئے تصاویر سے تعلق کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف اور تصاویر برائے اعادہ)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، چاک، رنگین چاک/ مارکر، رنگین کریون، پنسلیں
- کلیاں صفحہ ۴۹

## تجویز کردہ معاون کتاب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۲۱

## طریقۂ کار

- کلیاں کا صفحہ ۴۵ تا ۴۸ کو دیکھنے کی ہدایت دیجیے اور مدد کیجیے۔ فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروائیے۔
- حروف کی کہانیاں دہراتے ہوئے 'ر ڑ ز ژ' کی کہانی دہرائیے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۲۱)
- تختۂ تحریر پر صفحہ بنائیے یا بڑی فوٹو کاپی کر کے لگانے کے بعد اس پر رنگین چاک/ مارکر کی مدد سے حروف لکھ کر آپس میں ملا کر دکھائیے۔
- طلبہ و طالبات کے کام میں ان کی مدد کیجیے۔
- نقطوں سے بنے حروف پر پنسل پھروا کر مکمل کروائیے۔ آوازوں کا اعادہ کرتے رہیے۔
- ترتیب بتاتے ہوئے حروف کی درمیانی لکیریں بنوائیے۔
- حروف کے خاکوں میں رنگ بھروائیے۔

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ


- 'د' سے 'ژ' تک حروف کا اعادہ کرسکیں۔
- حروف کی پہچان کرتے ہوئے حروف کے جوڑے بنا سکیں۔


## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف 'د سے ژ' کے جوڑے)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، رنگین چاک/ مارکر
- کلیاں صفحہ ۵۰

## طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر کلیاں کا صفحہ ۵۰ بنائیے یا بڑی فوٹو کاپی کروا کر لگانے کے بعد رنگین چاک/ مارکر سے حروف کو حروف سے ملا کر دکھائیے۔ حروف کے نام اور آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی طلبہ و طالبات سے باری باری کروائیے۔ یہ سرگرمی بچّوں کو دری/ قالین پر بٹھا کر بھی کروائی جاسکتی ہے۔
- حروف کے اندر درست طریقے سے پنسل پھروائیے۔
- حروف کی آوازوں کا اعادہ کرتے ہوئے حروف کے سامنے کے نقاط (•) (bullets) کو اپنے جیسے حرف سے ملا کر جوڑے بنائیے۔



## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'د' سے 'ژ' تک حروفِ تہجّی اور ان سے متعلقہ چیزیں پہچان سکیں۔


## مددگار مواد

فلیش کارڈز (حروفِ تہجّی کی مناسبت سے تصویری کارڈز)

- کلیاں صفحہ ۵۱

## طریقۂ کار

- حروف کی پہچان کروائیے۔ درست تصاویر پر دائرے بنوائیے۔
- حروف کے اندر لکھائی کروائیے۔
- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروائیے۔



# یونٹ ۴

## یونٹ کے مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں کہ

اس یونٹ میں دیے گئے کام اور سرگرمیوں کے ذریعے زبان کی چاروں مہارتوں (سُننا، بولنا، پڑھنا، لکھنا) کی ترویج ونشوونما کرسکیں۔

فہم :
- حروف کے ساتھ دُرست تصویر پر دائرہ بنا سکیں۔
- کہانی 'شیر اور چوہا' کے واقعات کی ترتیب ، کرداروں ، اور مرکزی خیال (احسان کا بدلہ احسان ہوتا ہے) کی پہچان کرسکیں۔

پڑھنا :
- بغور مشاہدہ کر کے تصویریں مکمل کرسکیں اور حروف سے حروف ملاسکیں۔
- حروف : س ، ش ، ص ، ض ، ط ، اور ظ کی آوازوں سے شروع ہونے والے ناموں کی پہچان کرسکیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ ابّو اور وہ سے متعارف ہوسکیں۔

لکھنا :
- دیے گئے خاکوں میں رنگ بھرسکیں۔ نمونہ لکھائیوں اور حروف پر پنسل پھیر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (ب سے ظ تک حروف اور ان سے شروع ہونے والی تصاویر ، بصری ذخیرۂ الفاظ: ابّو وہ )
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک ، رنگین کریون / پنسلیں، کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ۵۲ تا ۶۶


## تجویز معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۲۲ تا ۲۸
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۲۵ تا ۳۱
- معاون کتاب 'تحفہ' کی کہانی 'طوطا' صفحہ ۱۷ تا ۲۱

نوٹ : اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۴ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو پڑھائے جانے والے حروف کے مطابق تبدیل کر کے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔

## پہلا ہفتہ

### مقصد




طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ

- 'س' اور 'ش' کی لکھائی کے لیے تیار ہوسکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف 'ب سے ژ' برائے اعادہ اور ان کی مناسبت سے تصاویر)
- کلیاں صفحہ ۵۳

### تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۲۵

### طریقۂ کار

- بچّوں سے فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروایئے۔
- صفحے پر دیے گئے نمونوں پر انگلیاں پھروایئے۔
- صفحے پر دیے گئے نمونوں پر درست سمت میں پنسل پھروایئے۔
- تجویز: مزید مشق کے لیے اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) کا صفحہ ۲۵ کا کام کروایئے۔


### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'س' کی پہچان کرسکیں۔ حرف 'س' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'س' بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'س' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھرسکیں۔
- سیکھے گئے حروفِ تہجّی 'ب' سے 'ژ' کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔
- سیکھے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف ب سے ژ برائے اعادہ اور ان کی مناسبت سے تصاویر) نئے بصری الفاظ: ابّو ، وہ ذخیرۂ الفاظ سائیکل ، سموسے ، سیب ، ستارے)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک ، رنگین کریون / پنسلیں، کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ۵۴





## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۲۲
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۲۶

## طریقۂ کار

- صفحہ ۵۳ پر بنائے گئے نمونوں پر پنسل پھروایئے تا کہ بچّے 'س، ش' بنانے کے لیے تیار ہوسکیں۔
- 'س' سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنایئے (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۲۲)
- 'س' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- سیب کاٹ کر کھلایئے / سلاد سجا کر دکھایئے۔ ستاروں کے اسٹیکر بچّوں کے کالر یا کاپی پر چپکایئے۔
- بورڈ پر بڑا حرف 'س' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتایئے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز اِن الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دُہرایئے۔
- حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوایئے۔
- کلیاں کا صفحہ ۵۴ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے ، کیا کیا نظر آ رہا ہے؟
- 'کلیاں' کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوایئے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروایئے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۲۶ کا کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔
- سورج کا کٹ آؤٹ بنا کر اس میں پیلا رنگ بھروا کر گھر بھجوا دیجیے۔



## دوسرا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ش' کی پہچان کر سکیں۔ حرف 'ش' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'ش' بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'ش' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- سیکھے گئے حروفِ تہجّی 'ب' سے 'س' کا اعادہ کر سکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ، بصری ذخیرۂ الفاظ اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر، ذخیرۂ الفاظ: شلوار، شال، شیر)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین چاک رنگین کریون/ پنسلیں، کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ۵۵

## تجویز کردہ معاون کتب


- حروف کی کہانیاں صفحہ ۲۳
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۲۷

## طریقۂ کار


- فٹ نوٹس میں دی گئی سرگرمیوں کے ذریعے حرف کا تعارف کروائیے۔
- 'ش' سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۲۳)
- 'ش' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- بورڈ پر بڑا حرف 'ش' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز اِن الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دُہرائیے۔
- حرف کو ہوا، ریت، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔
- کلیاں کا صفحہ ۵۵ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے، کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون ہے؟

کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام، مثلاً قمیص...) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتائیے)

- 'کلیاں' کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوائیے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروائیے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۲۷ کا کام کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- شیر کے کٹ آؤٹ میں رنگ بھروا کر گھر بھیجیے۔



# کہانی : شیر اور چُوہا




## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- مشاہدے ، سننے، سمجھنے اور اندازے لگانے کی صلاحیتوں کی نشوونما اور ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کرسکیں۔
- کہانی سُن کر کیے گئے سوالات کے جوابات دے سکیں۔

## مددگار مواد

- کلیاں صفحہ ۵۶ اور ۵۷

## طریقۂ کار

- بچّوں کی کتابوں کے صفحات کھلوا کر اُنھیں بغور تصاویر دیکھنے کا موقع دیجیے۔ ہر تصویر کے بارے میں بات کیجیے۔ کون کون نظر آ رہا ہے؟ کیا ہو رہا ہے؟
- ہدایات برائے اساتذہ کے صفحہ ۱۰۸ سے کہانی تاثرات سے پڑھ کر سُنائیے۔
- زبانی سوالات کیجیے۔

صبح صبح شیر کیا کر رہا تھا؟ چُوہے میاں سوئے ہوئے شیر کو کیا سمجھ کر اُن پر کودنے لگے؟ شیر کو چُوہے پر کیوں غصّہ آیا؟ چُوہے نے شیر سے کیا کہا؟ شیر نے کیا جواب دیا؟ شیر جال میں کیسے پھنسا؟ چُوہے نے جال کیسے کاٹا؟ چُوہے نے شیر کی مدد کیوں کی؟ چُوہا اتنا چھوٹا ہوتے ہوئے بھی شیر کے کام آ گیا؟ آپ کون سے کام اچھے کر سکتے ہیں؟ کیا آپ نے کبھی کسی کی مدد کی ہے؟

- کہانی سنانے کے بعد بچّوں سے کاغذ (A4 کا آدھا) پر تصاویر بنوائیے۔ (بچّوں کی بنائی چند لکیریں ہی اُن کے تحریری اظہار کی شروعات ہیں)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- ’ص‘ کی پہچان کرسکیں۔ حرف ’ص‘ سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- ’ص‘ بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- ’ص‘ سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- سیکھے گئے حروفِ تہجّی ’ب‘ سے ’ش‘ کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف اور بصری الفاظ امّی ، ابّو ، یہ ، وہ برائے اعادہ اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر ، ذخیرۂ الفاظ: صبح ، صوفہ ، صندوق ، صراحی، صابن)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک ، رنگین کریون/ پنسلیں ، پتلیاں ، کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ۵۸، ۵۹




## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۲۴
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۲۸

## طریقۂ کار

- فٹ نوٹس میں دی گئی سرگرمیوں کے ذریعے حرف اور آواز کا تعارف کروائیے۔
- 'ص' سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے (تجویز: دیکھیے 'حروف کی کہانیاں' صفحہ ۲۳)
- 'ص' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- صابن سے ہاتھ دھونے کی اور صاف رہنے کی ترغیب دیجیے ممکن ہو تو ہاتھ دُھلوائیے۔
- بورڈ پر بڑا حرف 'ص' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز اِن الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دُہرائیے۔
- حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔
- کلیاں کا صفحہ ۵۸ ، ۵۹ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے ، کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟




- 'کلیاں' کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوائیے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروائیے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۲۸ کا کام کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- صندوق/ صوفے کے کٹ آؤٹ میں رنگ بھروا کر گھر بھجوا دیجیے۔

# تیسرا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ض' کی پہچان کرسکیں۔ حرف 'ض' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'ض' بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'ض' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- سیکھے گئے حروفِ تہجّی 'ب' سے 'ش' کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔




## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ ، بصری الفاظ اور ان سے متعلقہ تصاویر ، ذخیرۂ الفاظ: ضعیف ، ضائع)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک ، رنگین کریون / پنسلیں ، پتلیاں ، کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ۶۰

## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۲۵
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۲۹

## طریقۂ کار

- 'ض' سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۲۳)
- 'ض' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔ مثلاً : ضرورت ، ضروری وغیرہ۔
- بورڈ پر بڑا حرف 'ض' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز اِن الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دُہرائیے۔
- چیزوں کو ضائع نہ کرنے کے بارے میں بات کیجیے۔

- پوچھیے کہ یہ بچّی کاغذ ضائع کر رہی ہے تو کیا یہ صحیح کام ہے یا غلط ہے۔ غلط کا نشان بھی دکھایئے۔(تجویز: معاون کتاب 'تحفہ' کا صفحہ ۳۳ دکھایئے)
- حرف کو ہوا، ریت، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوایئے۔
- کلیاں کا صفحہ ۶۰ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے، کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام، مثلاً قمیص...) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتایئے)
- 'کلیاں' کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوایئے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروایئے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۲۹ کا کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔

## چوتھا ہفتہ




## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- ’ط‘ کی پہچان کر سکیں۔ حرف ’ط‘ سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- ’ط‘ بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- ’ط‘ سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- سکھائے گئے حروفِ تہجّی کا اعادہ کر سکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ، بصری الفاظ اور تصاویر، ذخیرۂ الفاظ: طارق، طبیعت، طوطا، طشتری)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین چاک، رنگین کریون/ پنسلیں، کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ۶۱


## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۲۶
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۳۰

## طریقۂ کار

- حرف ’ط‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۲۶)
- ’ط‘ کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔ مثلاً: طیّارہ، طاقت، طوطا۔ بتائیے کہ یہ آواز ’ت‘ جیسی ہی ہے مگر اس سے کچھ مختلف چیزوں کے نام آتے ہیں۔
- بتائیے کہ وہ حرف ہے جو پہلے ’ٹ‘، ’ڈ‘ اور ’ڑ‘ پر چھوٹا کر کے بنایا گیا تھا اب اسے ہی بڑا کر کے بنا رہے ہیں۔
- بورڈ پر بڑا حرف ’ط‘ لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز اِن الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دُہرائیے۔
- حرف کو ہوا، ریت، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔

- کلیاں کا صفحہ ٦١ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے، کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام، مثلاً قمیص...)
- 'کلیاں' کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوایئے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروایئے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۳۰ کا کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔
- طوطے یا طیّارے کا کٹ آؤٹ رنگ بھروا کر اور حرف لکھوا کر گھر بھجوایئے۔



# کہانی : طوطا

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ




- بصری پڑھائی سے سکھائے جانے والے ذخیرۂ الفاظ کی پہچان کرسکیں۔
- مشاہدے، سننے، سمجھنے اور لطف اُٹھانے کی مہارتوں کی نشوونما کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (امّی ، یہ، ابّو ، وہ)
- کلیاں صفحہ ۶۲ ، ۶۳
- کہانی ' طوطا ' ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۰۹

## طریقۂ کار

- بچّوں کی کتابیں کھلوا کر اُنھیں تینوں تصاویر غور سے دیکھنے کا موقع دیجیے۔فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائی جانے سے بچّے الفاظ پہچان سکیں گے۔ ہر تصویر کے بارے میں باری باری پوچھیے کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون ہے؟ کیا ہو رہا ہے؟ ہدایات برائے اساتذہ کے صفحہ ۱۰۹ سے کہانی 'طوطا' پڑھ کر سنایئے۔ بچّوں کو باری باری موقع دیجیے کہ وہ آپ کی سنائی یہ کہانی مزید مختصر الفاظ میں سب کو سنائیں۔ زبانی سوالات کیجیے۔

  زارا اور علی کو طوطا کس نے دلایا؟

  سب اس طوطے کا کیسے خیال رکھتے؟

  اس کا پنجرہ کہاں کہاں ہوتا تھا؟

  وہ کیا کیا کھاتا تھا؟ وہ غور سے کیا سنتا تھا؟

  سب کیوں حیران ہو گئے؟
- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروایئے۔

# پانچواں ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ظ' کی پہچان کرسکیں۔ حرف 'ظ' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'ظ' بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'ظ' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- سکھائے گئے حروفِ تہجّی کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ ، بصری الفاظ: امّی ، ابّو ، یہ ، وہ ، زارا ، علی)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، 'ظ' سے شروع ہونے والی حقیقی اشیا ، کھلونے ، تصاویر ، تصاویر ، رنگین چاک ، رنگین کریون/ پنسلیں ، کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ۶۴۔


## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۲۷
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۳۱


## طریقۂ کار

- فٹ نوٹ میں دی گئی گفتگو کر کے وضاحت کیجیے کہ ظلم کسی کو بھی تکلیف پہنچانے کو کہتے ہیں۔
- 'ظ' حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے (تجویز: دیکھیے 'حروف کی کہانیاں' صفحہ ۲۷)
- 'ظ' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- بورڈ پر بڑا حرف 'ظ' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز اِن الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دُہرائیے۔

- حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوایئے۔
- کلیاں کا صفحہ ۶۲ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے ، کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ ( کپڑوں کے نام ، مثلاً قمیص...)
- 'کلیاں' کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوایئے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروایئے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۳۱ کا کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔
- بچّوں سے ملتانی مٹّی سے ظروف بنوا کر سُوکھنے کے بعد گھر بھجوایئے / ظروف کے کٹ آؤٹ میں رنگ بھروا کر گھر بھیجیے۔



## چھٹا ہفتہ




## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'س' سے 'ظ' کا اعادہ کر سکیں۔
- 'س' سے 'ظ' کی ترتیب جان سکیں۔
- تیر کے نشان کی سمت میں لکھ کر حروف اور سیدھی لکیریں بنا سکیں۔
- 'س' سے 'ظ' کا ذخیرۂ الفاظ دُہراتے ہوئے تصاویر سے تعلق کا اعادہ کر سکیں۔

## مددگار مواد


- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف اور تصاویر)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، کھلونے، تصاویر، رنگین چاک، رنگین کریون/ پنسلیں، کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ٦٥

## تجویز کردہ کتاب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ٢٨

## طریقۂ کار

- 'کلیاں' کے صفحات ٥٤، ٥٥، ٥٩، ٦٠، ٦١ اور ٦٤ کو دیکھنے کی ہدایت دیجیے اور مدد کیجیے۔ فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروائیے۔
- حروف کی کہانیاں دُہراتے ہوئے س ُس ش ص ض ط ظ' کی کہانی دُہرائیے (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ٢٨)
- تختۂ تحریر پر رنگین چاک/ مارکر کی مدد سے حروف لکھ کر اور آپس میں ملا کر دکھائیے۔
- بچّوں کے کام میں اُن کی مدد کیجیے۔
- نقاط ملاتے ہوئے حروف بنائیے۔ حروف کے نام اور آوازیں دُہراتے رہیے۔
- درمیانی لکیریں مکمل کروائیے تاکہ بچّوں کو حروف کی ترتیب ذہن نشین ہو سکے۔
- تصویری خاکوں میں رنگ بھروائیے۔
- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروائیے۔




## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'س' سے 'ظ' کا اعادہ کرسکیں۔
- حروف کی پہچان کرتے ہوئے حروف کے جوڑے بنا سکیں۔

## مددگار مواد


- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف س سے ظ کے جوڑے)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین چاک/مارکر، ٹیپ
- کلیاں صفحہ ۶۶


## تجویز کردہ معاون کتاب

- معاون کتاب 'تحفہ' صفحہ ۱۷ تا ۲۱

## طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر 'کلیاں' کا صفحہ ۶۶ بنایئے یا بڑی فوٹو کاپی کروا کر لگانے کے بعد رنگین چاک/ مارکر سے حروف کو حروف سے ملا کر دکھایئے۔ حروف کے نام اور آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی بچّوں سے باری باری کروایئے۔ یہ سرگرمی بچّوں کو دری/ قالین پر بٹھا کر بھی کروائی جا سکتی ہے اور تختۂ تحریر پر کارڈز ٹیپ سے چپکا کر بھی کروائی جا سکتی ہے۔



- دیے گئے حروف کے نام اور آوازیں دہرایئے۔ حروف میں پنسل پھروایئے۔
- حروف کے سامنے دیے گئے نقطے (•) (Bullets) کو اپنے جیسے حرف سے ملوا کر جوڑے بنانے کا کام کروایئے۔

تجویز: معاون کتاب 'تحفہ' سے کہانی 'طوطا' سنایئے، تصاویر دکھایئے اور سیکھے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروایئے۔ مشاہداتی سوالات کیجیے اور دی گئی سرگرمی کا کام کروایئے۔

# یونٹ ۵

## یونٹ کے مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں کہ
اس یونٹ میں دیے گئے کام اور سرگرمیوں کے ذریعے زبان کی چاروں مہارتوں (سُننا، بولنا، پڑھنا، لکھنا) کی ترویج ونشوونما کرسکیں۔

فہم : • نظم کا مفہوم سمجھ سکیں ، اور اس سے متعلقہ مشق کرسکیں۔

پڑھنا : • بغور مشاہدہ کر کے تصویر سے تصویر ، تصویر سے حرف ، اور حروف سے حروف ملاسکیں۔
• حروف : ع ، غ ، ف ، ق ، ک ، اور گ کی آوازوں اور اُن سے شروع ہونے والے ناموں کی پہچان کرسکیں۔

لکھنا : • دیے گئے خاکوں میں رنگ بھرسکیں۔ نمونہ لکھائیوں اور حروف پر پنسل پھیرسکیں۔


## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حروفِ تہجّی 'ب' سے 'گ' اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر ، سکھائے گئے بصری الفاظ کا اعادہ)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک/ مارکر ، رنگین پنسلیں، کارڈ شیٹس ، کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ٦٧ تا ٨٠
- سرگرمیوں کے لیے حقیقی اشیا/ تصاویر/ کھلونے ، مثلاً : گاجر ، گیند

## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ٢٩ تا ٣٥
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ٣٣ تا ٣٨
- معاون کتاب: 'تحفہ' ، کہانی 'اسکول' (بصری ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز) صفحہ ٢٢ تا ٢٧

نوٹ : اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۵ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو پڑھائے جانے والے حروف کے مطابق تبدیل کر کے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔




## پہلا ہفتہ

### مقصد


- طلبہ و طالبات ع اور غ لکھنے کی تیاری کر سکیں۔

### مددگار مواد

- کلیاں صفحہ ٦٧

### تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۳۲




### طریقۂ کار

- بچّوں سے بڑے اور چھوٹے چاند بنوایئے۔
- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروایئے۔

## تفہیم

### مقصد

- طلبہ و طالبات اچھی عادات کے بارے میں جان سکیں۔

### مددگار مواد

- کلیاں صفحہ ٦٨

### طریقۂ کار

- بچّوں سے اچھی عادات اور صاف ستھرا رہنے کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ تصاویر بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ ورزش ، دانت صاف کرنا ، کنگھا کر کے بال درست رکھنا ، ناخن کاٹنا یہ سب اچھی عادات ہیں۔
- ایک جیسی تصاویر ملوانے کا کام کروایئے
- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروایئے۔


## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ع' کی پہچان کر سکیں۔ حرف 'ع' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'ع' بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'ع' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- سکھائے گئے حروفِ تہجّی 'ب' سے 'ظ' کا اعادہ کر سکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ اور ان سے شروع ہونے والی تصاویر، ذخیرۂ الفاظ: علی، کتاب، عینک، عطر، عمارت)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین چاک / مارکر، رنگین پنسلیں، کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ۶۹




## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۲۹
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۳۳

## طریقۂ کار

- 'ع' حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنایئے،
  (تجویز: دیکھیے 'حروف کی کہانیاں' صفحہ ۲۹)
- بچّوں کو عطر لگانے کی سرگرمی کروایئے۔
- کاغذ کی عینک بنوایئے۔
- بورڈ پر بڑا حرف 'ع' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتایئے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز اِن الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دُہرایئے۔
- حرف کو ہوا، ریت، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوایئے۔
- کلیاں کا صفحہ ۶۹ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے، کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام، مثلاً قمیص...)
- 'کلیاں' کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوایئے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروایئے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔

تجویز: معاون کتاب 'تحفہ' سے کہانی 'اسکول' سنایئے۔ تصاویر دکھایئے۔ مشاہداتی سوال کیجیے اور وقت ہونے کی صورت میں سرگرمی کا کام بھی کروایئے۔

تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۳۳ کا کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔

## دوسرا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'غ ' کی پہچان کر سکیں۔ حرف 'غ ' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'غ ' بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'غ ' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- سکھائے گئے حروفِ تہجّی 'ب' سے 'ع ' کا اعادہ کر سکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کر سکیں۔

## مددگار مواد




- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف اور بصری ذخیرۂ الفاظ برائے اعادہ ، ذخیرۂ الفاظ: غلاف ، غرارہ ، غبّارے)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک / مارکر رنگین پنسلیں ، کٹ آوٹس ، پھلانے کے لیے غبارے
- کلیاں صفحہ ۷۰

## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۳۰
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۳۴

## طریقۂ کار

- فٹ نوٹ میں دی گئی سرگرمی کرواتے ہوئے آواز کا تعارف کروائیے۔
- 'غ ' حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۳۰)
- غبارے پھلوائیے۔ رنگ برنگے غبارے جماعت میں سجائیے۔
- بورڈ پر بڑا حرف 'غ ' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز اِن الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دُہرائیے۔
- حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔
- کلیاں کا صفحہ ۷۰ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے ، کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام ، مثلاً قمیص...) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتائیے)

- ’کلیاں‘ کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوایئے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروایئے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۳۴ کا کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔

# تفہیم

## مقصد


- طلبہ و طالبات ترتیب کا مشاہدہ کر کے اس کے بعد کی تصویر کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد

- حقیقی اشیا کے جوڑے مثلاً : ربڑ، پنسل، کتاب، کاپی
- کلیاں صفحہ ۷۱

## طریقۂ کار

- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروایئے۔
- کتاب میں انفرادی توجّہ دے کر درست تصویر سے نقطہ ملوایئے۔



# تیسرا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ف' کی پہچان کر سکیں۔ حرف 'ف' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'ف' بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'ف' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- سکھائے گئے حروفِ تہجّی کا اعادہ کر سکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف اور بصری الفاظ برائے اعادہ اور ان سے متعلقہ تصاویر، ذخیرۂ الفاظ: فوارہ ، فاختہ ، فٹ بال)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک / مارکر ، رنگین پنسلیں، کٹ آؤٹس)
- کلیاں صفحہ ۷۲




## تجویز کردہ معاون کتب


- حروف کی کہانیاں صفحہ ۳۱
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۳۵

معاون کتاب: 'تحفہ' کہانی 'اسکول' صفحہ ۲۲ تا ۲۷

## طریقۂ کار

- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروا کر آواز کا تعارف کروائیے۔
- 'ف' حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۳۱)
- 'ف' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- فٹبال کا کھیل کھیلیے۔
- بورڈ پر بڑا حرف 'ف' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز اِن الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دُہرائیے۔
- حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔

- کلیاں کا صفحہ ۷۲ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے، کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام، مثلاً قمیص...) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتائیے)
- 'کلیاں' کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوائیے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروائیے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: معاون کتاب 'تحفہ' سے کہانی 'اسکول' سنائیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۳۵ کا کام کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- فٹبال/ فاختہ کے کٹ آؤٹ میں 'ف' لکھوائیں اور رنگ بھروا کر گھر بھیجیے۔



## چوتھا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ق' کی پہچان کر سکیں۔ حرف 'ق' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'ق' بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'ق' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- سکھائے گئے حروفِ تہجّی کا اعادہ کر سکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ اور ان سے شروع ہونے والی تصاویر اور الفاظ، ذخیرۂ الفاظ: قلفی ، قالین ، قمیص ، قوس قزح)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک / مارکر ، رنگین پنسلیں، کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ۴۷

## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۳۲
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۳۶

## طریقۂ کار

- 'ق' حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے۔
  (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۳۲)
- 'ق' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
  مثلاً : قرآن ، قاعدہ ، قاری ، قیمہ ، قینچی۔
- بورڈ پر بڑا حرف 'ق' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز اِن الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دُہرائیے۔
- حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔
- کلیاں کا صفحہ ۴۷ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے ، کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام ، مثلاً قمیص...) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتائیے)

- ’کلیاں‘ کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوایئے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروایئے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۳۶ کا کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔
- قلفی کا کٹ آؤٹ بنا کر اس میں رنگ بھروا کر گھر بھیجیں۔




# نظم : نیلا سمندر

## مقصد

- طلبہ و طالبات مشاہدے ، سننے ، سمجھنے ، سوچنے ، دُہرانے اور یاد کرنے کی مشق کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ اور ان سے شروع ہونے والی تصاویر اور الفاظ، ذخیرۂ الفاظ)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک / مارکر ، رنگین پنسلیں، کٹ آؤٹس ، قینچی ، کٹ آؤٹس بنانے کا سامان ، نائلون کی ڈوری ، ڈبّا۔
- کلیاں صفحہ ۷۴ تا ۷۶
  نظم ' نیلا سمندر' ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۰۹





## طریقۂ کار

- بچّوں کو صفحات نمبر ۷۴ اور ۷۵ بغور دیکھنے کا موقع دیجیے۔ اس دوران ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۰۹ سے نظم پڑھ کر سنائیے۔
  بچّوں سے دُہرانے کے لیے کہیے۔
  اللہ کی شان کی طرف توجّہ دلاتے رہیے کہ اُس نے سمندر میں کتنی خوبصورت مخلوق رکھی ہیں۔
  صفحہ ۷۶ بغور دیکھنے اور ایک جیسی تصویریں ملانے کا کام کروائیے۔

## سرگرمی

- مچھلیوں ، آکٹوپس ، کچھووں ، کیکڑوں کے کٹ آؤٹس بنا کر نائلون کی ڈوری سے ایک ڈبّے میں لٹکا کر مچھلی گھر بنائیے۔
- بچّوں کو کٹ آؤٹ گھر لے جانے کے لیے بھی دیے جا سکتے ہیں۔



# پانچواں ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ک' کی پہچان کرسکیں۔ حرف 'ک' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'ک' بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'ک' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- سکھائے گئے حروفِ تہجی کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف برائے اعادہ بصری الفاظ اور ان سے متعلقہ تصاویر اور ذخیرۂ الفاظ: کوّا، کبوتر، کپڑے)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین چاک/ مارکر، رنگین پنسلیں، کٹ آؤٹس۔
- کلیاں صفحہ ۷۷



## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۳۳
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۳۷
- معاون کتاب تحفہ صفحہ ۲۲ تا ۲۷


## طریقۂ کار

- 'ک' حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے۔
(تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۳۳)
- 'ک' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- 'ک' اور 'ق' کی آواز کا فرق واضح کیجیے کہ 'ق' کی آواز حلق سے نکالی جاتی ہے۔
- بورڈ پر بڑا حرف 'ک' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز اِن الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دُہرائیے۔
- حرف کو ہوا، ریت، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔


- کلیاں کا صفحہ ۷۷ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے، کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام، مثلاً قمیص...) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتائیے)
- 'کلیاں' کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوائیے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروائیے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔

تجویز: معاون کتاب 'تحفہ' سے کہانی 'اسکول' صفحہ ۲۲ تا ۲۷ سنائیے۔ مشاہداتی سوالات کیجیے۔ صفحہ ۲۷ پر دی گئی تفہیم اس کے بعد کیا ہوگا کروائیے۔

- وقت ہونے کی صورت میں اسی صفحے کی سرگرمیاں بھی کروائیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۳۷ کا کام کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- کاغذ سے کشتی بنا کر گھر بھجوائیے۔




## کاغذ کی کشتی بنانے کے مراحل



## چھٹا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- ’گ‘ کی پہچان کرسکیں۔ حرف ’گ‘ سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- ’گ‘ بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- ’گ‘ سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- سکھائے گئے حروفِ تہجّی کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف ، بصری الفاظ برائے اعادہ ، ذخیرۂ الفاظ: گدھا گاڑی ، گائے ، گاؤں ، گلہری)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک / مارکر ، رنگین پنسلیں، کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ۷۸


## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۳۴
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۳۸

## طریقۂ کار

- ’گ‘ حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے۔
(تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۳۴)
- ’گ‘ کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- گاجر ، گوبھی دکھائی بھی جاسکتی ہیں اور اِن کا سوپ بنا کر چکھایا بھی جا سکتا ہے۔
- بورڈ پر بڑا حرف ’گ‘ لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتایئے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز اِن الفاظ کے شروع میں آرہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دُہرایئے۔
- حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوایئے۔
- کلیاں کا صفحہ ۷۸ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے ، کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟

- 'کلیاں' کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوایئے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروایئے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۳۸ کا کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔
- گاجر کا کٹ آؤٹ بنا کر اس میں 'گ' لکھ کر رنگ بھروایئے اور گھر بھیجیے۔



## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ


- 'ع' سے 'گ' کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ع' سے 'گ' کی ترتیب جان سکیں۔
- تیر کے نشان کی سمت میں لکھ کر حروف اور سیدھی لکیریں بنا سکیں۔
- 'ع' سے 'گ' کا ذخیرۂ الفاظ دُہراتے ہوئے تصاویر سے تعلق کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف اور تصاویر)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین چاک / مارکر، رنگین پنسلیں
- کلیاں صفحہ ۷۹

## تجویز کردہ معاون کتاب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۳۵





## طریقۂ کار

- حروفِ تہجّی 'ع' سے 'گ' کا اعادہ کروائیے۔ فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروائیے۔
- حروف کی کہانیاں دُہراتے ہوئے 'ع' سے 'گ' کی کہانی دُہرائیے (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۳۵)
- تختۂ تحریر پر صفحہ بنائیے یا بڑی فوٹو کاپی کر کے لگانے کے بعد اس پر رنگین چاک / مارکر کی مدد سے حروف لکھ کر اور آپس میں ملا کر دکھائیے۔
- بچّوں کے کام میں اُن کی مدد کیجیے۔
- نقطے ملا کر حروف لکھوائیے۔ نام اور آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- درمیانی لکیریں ملوائیے تاکہ حروف کی ترتیب ذہن نشین ہو۔
- خاکوں میں رنگ بھروائیے۔

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ع' سے 'گ' کا اعادہ کرسکیں۔
- حروف کی پہچان کرتے ہوئے حروف کے جوڑے بنا سکیں۔






## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف 'ع سے گ' جوڑے)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین چاک/ مارکر، رنگین کریون/پنسلیں، کارڈ شیٹ، ٹیپ، قینچی
- کلیاں صفحہ ۸۰

## طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر 'کلیاں' کا صفحہ ۸۰ بنایئے یا بڑی فوٹو کاپی کروا کر لگانے کے بعد رنگین چاک/ مارکر سے حروف کو حروف سے ملا کر دکھایئے۔ حروف کے نام اور آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی بچّوں سے باری باری کروایئے۔ یہ سرگرمی بچّوں کو دری/ قالین پر بٹھا کر بھی کروائی جا سکتی ہے اور تختۂ تحریر پر کارڈز ٹیپ سے چپکا کر بھی کروائی جا سکتی ہے۔






- حروف میں لکھائی کرواتے ہوئے حروف کے ناموں اور آوازوں کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- حروف کے سامنے دیے گئے نقطے (•) (Bullets) کو اس جیسے حرف سے ملوانے کا کام کروایئے۔

# یونٹ ۶

## یونٹ کے مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں کہ
اس یونٹ میں دیے گئے کام اور سرگرمیوں کے ذریعے زبان کی چاروں مہارتوں (سُننا، بولنا، پڑھنا، لکھنا) کی ترویج و نشوونما کرسکیں۔

فہم :
- رنگوں کی پہچان کرسکیں۔ نظم 'مُرغی اور چڑیا' سُن کر سمجھ سکیں۔ دیے گئے الفاظ میں مختلف کی پہچان کرسکیں۔
- کرداروں اور مرکزی خیال کی پہچان کرسکیں۔ خطرے کا نشان اور صفائی کے متعلق تصویر کی پہچان کرسکیں۔

پڑھنا :
- بغور مشاہدہ کر کے تصویر سے تصویر اور حرف سے تصویر ملا سکیں۔
- حروف : ل ، م ، ن ، اور ہ کی آوازوں اور اُن سے شروع ہونے والے ناموں کی پہچان کرسکیں۔
- 'ا ، و ، ی ، اور ے' کی بطور مصوّتہ آوازوں کی پہچان کرسکیں۔

لکھنا :
- خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔ دیے گئے نمونوں ، بصری ذخیرۂ الفاظ اور مصوّتوں کی پہچان کرسکیں۔
- حروف : ل ، م ، ن ، اور ہ اور مصوّتوں 'ا ، و ، ی ، اور ے' پر پنسل پھیر سکیں۔
- 'ا' سے 'ے' تک ترتیب وار حروفِ تہجّی لکھ سکیں۔
- منتخب حروفِ تہجّی کی پہچان اور لکھائی کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حروفِ تہجّی 'ا' سے 'ے' اور سکھائے گئے بصری ذخیرۂ الفاظ برائے اعادہ)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، 'ل' سے 'ے' تک آوازیں سکھانے کے لیے حقیقی اشیا (مثلاً لیموں)، تصاویر اور کھلونے رنگین چاک / مارکر ، رنگین پنسلیں، کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ۸۱ تا ۹۸

## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۳۶ تا ۴۰
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۳۹ تا ۵۱
- معاون کتاب 'تحفہ' صفحہ ۲۸ تا ۳۳

نوٹ : اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۶ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو پڑھائے جانے والے حروف کے مطابق تبدیل کر کے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔

## پہلا ہفتہ

### مقصد

- طلبہ و طالبات لال رنگ کی پہچان کرسکیں۔


### مددگار مواد

- لال رنگ کی پنسلیں/ مارکر ، لال رنگ کی چیزیں
- جماعت میں موجود چیزیں
- کلیاں صفحہ ۸۱

### طریقۂ کار

- جماعت میں موجود لال رنگ کی چیزوں کے نام پوچھیے اور بتائیے۔
- دیے گئے خاکوں میں لال رنگ بھروائیے۔

تجویز : طلبہ و طالبات کو لال رنگ کی چیزیں گھر سے لانے کے لیے کہیے۔ اُنھیں اس چیز کے بارے میں چند جملے اُردو میں بولنے کی مشق کروائیے ، مثلاً : یہ لال گاڑی ہے۔ یہ میرے ابّو لائے تھے۔




## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ل' کی پہچان کرسکیں۔ حرف 'ل' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'ل' بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'ل' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- سکھائے گئے حروفِ تہجّی کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف، بصری الفاظ برائے اعادہ اور تصاویر، ذخیرۂ الفاظ: لڑکی، لال رنگ، لال بیگ)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین چاک/ مارکر، رنگین پنسلیں، کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ۸۲





## تجویز کردہ معاون کتب


- حروف کی کہانیاں صفحہ ۳۶
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۴۰

## طریقۂ کار

- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمیاں کروا کر آواز کا تعارف کروایئے۔
- 'ل' حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنایئے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۳۶)
- 'ل' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- بورڈ پر بڑا حرف ل لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتایئے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز اِن الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دُہرایئے۔
- حرف کو ہوا، ریت، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوایئے۔
- کلیاں کا صفحہ ۸۲ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے، کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام، مثلاً قمیص...) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتایئے)
- 'کلیاں' کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوایئے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروایئے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔

- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۴۰ کا کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔
- کوئی لال چیز مثلاً لال پھول / لال پنسل کے کٹ آوٹ بنا کر 'ل' لکھوا کر رنگ بھروایئے اور گھر بھیجیے۔



## دوسرا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'م' کی پہچان کر سکیں۔ حرف 'م' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'م' بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'م' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- سکھائے گئے حروفِ تہجّی کا اعادہ کر سکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف، بصری الفاظ برائے اعادہ اور ان سے متعلقہ تصاویر، ذخیرۂ الفاظ: مگرمچھ، مکھی، مینڈک، مکڑی)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین چاک / مارکر، رنگین پنسلیں، کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ۸۳


## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ۳۷
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ ۴۱

## طریقۂ کار

- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمیاں کروا کر آواز کا تعارف کروائیے۔
- 'م' حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ۳۷)
- 'م' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- بورڈ پر بڑا حرف 'م' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز اِن الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دُہرائیے۔
- حرف کو ہوا، ریت، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔
- کلیاں کا صفحہ ۸۳ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے، کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام، مثلاً قمیص...) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتائیے)
- 'کلیاں' کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوائیے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروائیے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔

- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۴۱ کا کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔
- مچھلی کے کٹ آؤٹ میں 'م' لکھوا کر اور رنگ بھروا کر گھر بھیجیے۔



# نظم : مُرغی اور چڑِیا

## مقصد

- طلبہ و طالبات لال ، نیلے اور پیلے رنگ کی پہچان کر سکیں۔

## مددگار مواد

- کلیاں صفحہ ۸۴
نظم 'مُرغی اور چڑیا' ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۱۰

## طریقۂ کار

- بچّوں کو صفحہ ۸۴ دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔ تصاویر کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون سی چیز کس رنگ کی ہے۔
کلیاں ہدایات برائے اساتذہ کے صفحہ ۱۱۰ سے نظم 'مُرغی اور چڑِیا' سنائیے۔
- طلبہ و طالبات دُہرائیں۔



# تیسرا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ن' کی پہچان کر سکیں۔ حرف 'ن' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'ن' بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'ن' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- سکھائے گئے حروفِ تہجّی کا اعادہ کر سکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف ، بصری الفاظ برائے اعادہ اور ان سے متعلقہ تصاویر ، ذخیرۂ الفاظ: ناریل، نیلا رنگ ، ندا)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک / مارکر ، رنگین پنسلیں، کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ٨٦





## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ٣٨
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ٤٢

## طریقۂ کار

- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمیوں کے ذریعے آواز کا تعارف کروایئے۔
- 'ن' حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنایئے۔
(تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ٣٨)
- 'ن' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- بورڈ پر بڑا حرف 'ن' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتایئے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز اِن الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دُہرایئے۔
- حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوایئے۔
- کلیاں کا صفحہ ٨٦ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے ، کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام ، مثلاً قمیص...) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتایئے)

- 'کلیاں' کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوایئے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروایئے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۴۲ کا کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔
- ناریل کے گتّے کا کٹ آؤٹ (ہو سکے تو اس پر اصلی ناریل کے بال چپکایئے) بنا کر یا نارنگی کے کٹ آؤٹ میں نارنجی رنگ بھروا کر بچّوں کے گھر بھیج دیجیے۔



## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ہ' کی پہچان کرسکیں۔ حرف 'ہ' سے شروع ہونے والی چیزیں پہچان سکیں۔
- 'ہ' بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے درست سمت میں پنسل پھیر کر حرف لکھ سکیں۔
- 'ہ' سے شروع ہونے والی چیزوں کے سفید خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- سکھائے گئے حروفِ تہجّی کا اعادہ کرسکیں۔
- فٹ نوٹس میں دی گئی عملی سرگرمیاں کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف ، بصری الفاظ برائے اعادہ اور ان سے متعلقہ تصاویر ، ذخیرۂ الفاظ: ہاتھی، ہرنی ، ہرا رنگ)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک / مارکر ، رنگین پنسلیں، کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ٨٧


## تجویز کردہ معاون کتب

- حروف کی کہانیاں صفحہ ٤٠
- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ٤٥

## طریقۂ کار

- 'ہ' حرف سے شروع ہونے والے الفاظ پر مبنی کہانی سنائیے۔ (تجویز: دیکھیے حروف کی کہانیاں، صفحہ ٤٠)
- 'ہ' کی آواز کا تعارف کرواتے ہوئے مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- بورڈ پر بڑا حرف 'ہ' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز اِن الفاظ کے شروع میں آ رہی تھی۔ آواز کا اعادہ کرواتے ہوئے وہ الفاظ دُہرائیے۔
- حرف کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔
- کلیاں کا صفحہ ٨٧ بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر کے بارے میں گفتگو کیجیے ، کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ کون کیا پہنے ہوئے ہے؟ (کپڑوں کے نام ، مثلاً قمیص...) کس رنگ کے کپڑے ہیں؟ (رنگوں کے نام بتائیے)
- 'کلیاں' کے صفحے پر بڑے حرف میں نقطے سے شروع کر کے رنگین پنسلوں سے پانچ بار حرف بنوائیے۔ سفید خاکوں میں رنگ بھروائیے۔ خاکوں کے نام لے کر آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔

- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) سے صفحہ ۴۵ کا کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔
- ہاتھی کے کٹ آوٗٹ میں 'ہ' لکھوا کر اور رنگ بھروا کر گھر بھیجیے۔



## چوتھا ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ
- 'ل' سے 'ہ' کا اعادہ کر سکیں۔
- 'ل' سے 'ہ' کی ترتیب جان سکیں۔
- تیر کے نشان کی سمت میں لکھ کر حروف اور سیدھی لکیریں بنا سکیں۔
- 'ل' سے 'ہ' کا ذخیرۂ الفاظ دُہراتے ہوئے تصاویر سے تعلق کا اعادہ کر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے حروف اور تصاویر برائے اعادہ)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین چاک/ مارکر، رنگین پنسلیں
- کلیاں صفحہ ۸۸

## طریقۂ کار

- 'ل، م، ن' اور 'ہ' کا اعادہ کروائیے۔ فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر رنگین چاک/ مارکر کی مدد سے حروف لکھ کر اور آپس میں ملا کر دکھائیے۔
- بچّوں کے کام میں اُن کی مدد کیجیے۔
- حروف مکمل کروانے کے لیے پنسل پھروائیے۔
- درمیانی لکیروں پر پنسل پھروائیے تاکہ بچّے حروف کی ترتیب سمجھ سکیں۔
- تصویری خاکوں میں رنگ بھروائیے۔

## مقصد

- طلبہ و طالبات خطرے کا نشان پہچان سکیں اور ماحولیاتی شعور پیدا کرسکیں۔

## مددگار مواد

- کلیاں صفحہ ۸۹

## تجویز کردہ معاون کتاب

- تحفہ کہانی 'باغ'، صفحہ ۲۸ تا ۳۳

## طریقۂ کار

- بچّوں کو کتاب کا صفحہ دیکھنے کا موقع دیجیے۔ مختلف نشانات کی طرف توجّہ دلائیے اور دکھائیے، مثلاً ٹریفک لائٹس وغیرہ۔ بتائیے کہ یہ نشانات اس لیے ہوتے ہیں کہ ہم اِن کا خیال رکھیں۔ اِن کا خیال رکھنے سے ہمیں فائدہ ہوتا ہے اور ہم محفوظ رہتے ہیں۔
- خطرے کے نشان کی پہچان کروا کر صفحے پر دیے گئے دو نشانوں کے درمیان تمیز کروائیے تاکہ بچّے خطرے کا نشان پہچان کر دائرہ بنا سکیں۔
- اسی طرح بتائیے کہ کُوڑے دان میں کُوڑا ڈالنے والی بچّی درست کام کر رہی ہے یا زمین پر کُوڑا پھینکنے والا بچّہ درست کام کر رہا ہے۔ درست کام پر دائرہ بنوائیے۔
- بچّوں سے خطرناک چیزوں کے بارے میں بات چیت کیجیے۔

تجویز: معاون کتاب 'تحفہ' سے کہانی 'باغ' سنائیے، مشاہداتی سوالات کیجیے۔ صفحہ ۳۳ پر دیا گیا صحیح اور غلط پہچاننے کا کام اور سرگرمیاں کروائیے۔



## مقصد


طلبہ و طالبات ذخیرۂ الفاظ کی پہچان اور مختلف کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد

کلیاں صفحہ ۹۰

## طریقۂ کار

- فٹ نوٹ میں دی گئی عملی سرگرمی کروایئے۔
- کتاب میں الفاظ پڑھوانے کے بعد بورڈ پر ایک سطر لکھ کر مختلف لفظ پر دائرہ بنانا سمجھا کر کتاب میں کام کروایئے۔
- مزید وضاحت کے لیے بچّوں کو کارڈز دے کر کھڑا کر کے یہ سرگرمی کروایئے جس میں جماعت کے بقیہ بچّے الفاظ پڑھیں اور مختلف لفظ پہچان کر بتائیں۔






دائرہ بنایئے

یہ یہ یہ وہ

علی زارا علی علی

امّی امّی ابّو امّی

ابّو امّی ابّو ابّو

مقصد: ذخیرۂ الفاظ کی پہچان۔
عملی سرگرمی: ان الفاظ کے کارڈز اُٹھا کر باری باری پڑھیے۔

OXFORD UNIVERSITY PRESS ۹۰

# تفہیم

## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ا' کی بطور مصوّتہ (vowel) آواز پہچان سکیں اور 'ا' لکھ سکیں۔

## مدد گار مواد

- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، رنگین کریون، رنگین پنسلیں، رنگین چاک، الف کا کٹ آؤٹ
- کلیاں صفحہ ۹۱


## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ا

## طریقۂ کار

- 'ا' کا کٹ آؤٹ دکھایئے۔ بتایئے کہ یہ الف ہے اس کی آواز اس طرح ہوتی ہے۔ مثال کے لیے کلیاں کے صفحہ ۹۱ کے نیچے لکھے گئے الفاظ بتایئے۔ جیسے باجا، تالا، مارا، اس آواز کو جتنا چاہیں کھینچا جا سکتا ہے۔
- کلیاں کے صفحے کی عملی سرگرمی کروایئے پھر اسی صفحے کا کام کروایئے۔
- تجویز: خوش خطی کے صفحہ ا پر کام کروایئے اور خاکوں میں رنگ بھروایئے۔



## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'و' کی بطور مصوّتہ (vowel) آواز پہچان سکیں اور 'و' لکھ سکیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کر سکیں۔

## مدد گار مواد


- فلیش کارڈز (حروفِ تہجّی ، بصری الفاظ برائے اعادہ اور متعلقہ تصاویر ، ذخیرۂ الفاظ: کوٹ ، مور )
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، رنگین کریون ، رنگین پنسلیں ، رنگین چاک ، 'و' کا کٹ آؤٹ
- کلیاں صفحہ ۹۲


## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۴۳

## طریقۂ کار

- 'و' کا کٹ آؤٹ دکھایئے بتایئے کہ یہ 'واؤ' ہے اس کی آواز بولو ، تولو ، سوچو کے آخر میں آنے والی آواز ہے۔
- ذخیرۂ الفاظ: بولو ، تولو ، کوٹ ، مور بتایئے۔
- کلیاں کے صفحے پر لکھنے کے بعد خاکے میں رنگ بھروایئے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) کا صفحہ ۴۳ صرف لکھائی کے لیے استعمال کیجیے آواز کے تعارف کے لیے نہیں۔






# پانچواں ہفتہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ی' کی بطورمصوتہ (vowel) آواز پہچان سکیں۔
- 'ی' کا ذخیرۂ الفاظ اور 'ی' لکھنا سیکھ سکیں۔





## مدد گار مواد

- فلیش کارڈز (حروفِ تہجّی الف تا ے ، بصری الفاظ برائے اعادہ اور متعلقہ تصاویر ، ذخیرۂ الفاظ: گاڑی ، چابی)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک/ مارکر ، رنگین پنسلیں
- کلیاں صفحہ ۹۳

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۴۴




## طریقۂ کار

- آواز کی پہچان کروایئے۔ حرف کا نام ہے 'یے' اور آواز ہے 'اِی'۔
- ذخیرۂ الفاظ بتایئے جیسے گاڑی ، مالی ، چابی ، موتی اِن کے آخر میں آنے والی آواز 'ی' کی بطورمصوّتہ آواز ہے۔
- کلیاں کے صفحے پر لکھائی کے بعد خاکوں میں رنگ بھروایئے۔ اس دوران آواز دہراتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) کا صفحہ ۴۴۔ صرف لکھائی کی مشق کے لیے استعمال کیجیے آواز کے تعارف کے لیے نہیں۔
- تجویز: خوش خطی صفحہ ۴۴ پر دیے گئے نمونے ، پہلے ہوا اور ریت میں بنوایئے پھر درست طریقے سے خوش خطی کی کتاب میں کام کروایئے۔
- تجویز: خوش خطی صفحہ ۴۶ کا کام درست طریقے سے کروایئے۔

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- 'ے' کی بطور مصوّتہ (vowel) آواز سیکھ سکیں۔
- 'ے' کا ذخیرۂ الفاظ جان سکیں۔ 'ے' لکھنا سیکھ سکیں۔
- اعادہ

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حروفِ تہجّی 'الف تا ے' بصری الفاظ برائے اعادہ اور متعلقہ تصاویر، ذخیرۂ الفاظ: تارے، موزے، باجے، کالے)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم، کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر، رنگین چاک/ مارکر، رنگین پنسلیں
- کلیاں صفحہ ۹۴





## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۴۷
- یہ صفحہ صرف لکھائی کے لیے استعمال کیجیے۔ آواز کا تعارف اس کے ذریعے نہیں کروائیے۔

## طریقۂ کار

- بچّوں سے بصری ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- 'اے' کی آواز کا تعارف کروائیے کہ یہ حرف بھی 'یے' ہے لیکن اس کی آواز درمیان یا آخر میں اس طرح ہو گی مثال کے لیے کلیاں کے صفحہ ۹۴ کے نیچے لکھے گئے الفاظ تارے، موزے پڑھ کر بتائیے۔
- کلیاں میں بڑے حرف میں درست ٹریسنگ کروائیے اور موزے، تارے میں رنگ بھروائیے۔ اس دوران آواز دہراتے رہیے۔
- تجویز: اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) صفحہ ۴۷، یہ صفحہ صرف لکھائی کے لیے استعمال کیجیے۔ آواز کا تعارف اس کے ذریعے نہیں کروائیے۔
- اس دوران ہر کام کے شروع کے پانچ منٹ میں سکھائے گئے بصری ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز کے ذریعے اعادہ کروائیے۔
- اس طریقۂ تدریس کے حیرت انگیز نتائج سے آپ خود بھی بہت مطمئن ہوں گے۔ ان شاء اللہ۔




## چھٹا ہفتہ


### مقصد

- طلبہ و طالبات اُردو کے بنیادی مصوّتے (vowels) کی آوازوں اور حروف کی پہچان کرسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حروف ا ، و ، ی اور ے اور ان کی تصاویر کے جوڑے۔ الف تا ے ، بصری الفاظ برائے اعادہ اور متعلقہ تصاویر ، ذخیرۂ الفاظ: تالا ، مور ، گاڑی ، موزے)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک/ مارکر ، رنگین پنسلیں
- کلیاں صفحہ ۹۵ ، ۹٦




### طریقۂ کار

صفحہ ۹۵ پر دیے گئے حروف کے نام اور آوازوں کی دوبارہ تفصیل سے وضاحت کیجیے کہ

- تالا کے آخر میں آنے والی آواز الف کی بطور مصوّتہ آواز ہے۔
- مور کے درمیان میں آنے والی آواز واوٗ کی بطور مصوّتہ آواز ہے۔
- گاڑی کے آخر میں آنے والی آواز 'ای' کی بطور مصوّتہ آواز ہے۔
- موزے کے آخر میں آنے والی آواز 'اے' کی بطور مصوّتہ آواز ہے۔

صفحہ ۹٦ پر اِن حروف کی پہچان کا اعادہ کرواتے ہوئے دائرے بنوایئے۔

## مقصد

- طلبہ و طالبات سیکھے گئے حروفِ تہجّی کی پہچان اور لکھائی کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حروفِ تہجّی الف تا ے ، بصری الفاظ برائے اعادہ اور متعلقہ تصاویر)
- تختۂ تحریر ، تختۂ نرم ، کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر ، رنگین چاک/ مارکر ، رنگین پنسلیں ، ا ، و ، ی اور ے کے کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ ۹۷ اور ۹۸

## تجویز کردہ معاون کتب

- اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) ۵۰، ۵۱


## طریقۂ کار


- انفرادی توجّہ سے حروف بنوایئے اور خاکوں میں رنگ بھروایئے۔
- کام کرواتے ہوئے حروف کے ناموں اور آوازوں کا اعادہ کروایئے۔
- تجویز: مزید مشق اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی) میں کروائی جا سکتی ہے۔


یاد رہے کہ یہ کام ایک دن سے زیادہ وقت لے گا۔


---


گتّے کے تراشوں (کٹ آؤٹس) کے لیے دیے گئے خاکے۔




















بچّوں کے کام کے نمونے

